ISSN 2977-3555
روزنامہ
صحافت برمنگھم
باخبر، باثر حقیقتوں کا پیام بر
www.sahafat.in/uk
Birmingham Edition U.K.

لینڈ اتھارٹی: 'بیلولائن' کے اندر زمینوں کی خرید و فروخت کے معاملات کو عارضی طور پر معطل کرنے کا اعلان ص:02

Published from Birmingham (U.K.), India-Delhi, Mumbai, Lucknow, Dehradun
Volume No.04, Issue No.95, Friday, 09 October 2026, 8 Pages
جلد نمبر (۴)، شمارہ نمبر (۹۵)، بروز جمعہ، ۹/ اکتوبر، ۲۰۲۶ء، ۲۶/ ربیع الثانی، ۱۴۴۸، ۸ صفحات

تہران اور واشنگٹن کے درمیان جوہری مذاکرات نہیں ہوئے، ایرانی ذرائع

تہران، (ایجنسیاں): ''ایران اور امریکہ کے درمیان جوہری پروگرام کے حوالے سے کوئی مذاکرات نہیں ہوئے اور واشنگٹن کو بات چیت شروع کرنے سے پہلے تہران کی شرائط پوری کرنا ہوں گی۔'' مہر خبر رساں ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق مغربی میڈیا نے ایک ایرانی عہدیدار کے حوالے سے یہ خبر دی ہے کہ تہران اور واشنگٹن کے درمیان ایران کے جوہری پروگرام کے حوالے سے اب تک کوئی مذاکرات نہیں ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق رائٹرز

نے ایک ایرانی عہدیدار کے حوالے سے کہا کہ امریکہ کے ساتھ ایران کے جوہری پروگرام کے بارے میں کوئی مذاکرات نہیں ہوئے اور جوہری مذاکرات شروع کرنے سے قبل واشنگٹن کو تہران کی شرائط پوری کرنا ہوں گی۔ ایرانی عہدیدار نے کہا کہ ایران کے یورینیم افزودگی کے حق کو امریکا کی جانب سے تسلیم کیا جانا تہران کی سرخ لکیر ہے اور ایران افزودگی کے معاملے پر کسی بھی صورت میں لچک کا مظاہرہ نہیں کرے گا۔ یہ بیان امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کے اس مطالبے کے ایک روز بعد سامنے آیا جس میں انہوں نے ایران سے یورینیم افزودگی کی سطح میں نمایاں کمی کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ ایرانی عہدیدار نے کہا کہ وینس کے بیانات واشنگٹن کے خیالات اور مطالبات ہیں۔ ان کے مطابق امریکی حکام مطالبات اور تجاویز پیش کرنے میں آزاد ہیں، لیکن یہ مطالبات ایران کی ضروریات اور مؤقف سے متصادم ہیں۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے 5 اکتوبر کو کہا تھا کہ تہران کو اپنے جوہری پروگرام میں یورینیم افزودگی میں نمایاں کمی کرنا ہوگی۔ ایرانی مؤقف کے مطابق جوہری مذاکرات کے آغاز کے لیے امریکا کو پہلے ایران کی شرائط اور خاص طور پر ایران کے پرامن جوہری پروگرام کے تحت یورینیم افزودگی کے حق کو تسلیم کرنا ہوگا۔

اسرائیل کی ڈیڈلائن ختم، مشرقی یروشلم میں قونصل خانہ بند کرنے سے برطانیہ کا انکار

لندن نے فیصلہ واپس نہ لینے پر اسرائیل کو دے دی 27 سفارت کاروں کی بے دخلی کی دھمکی

لندن، (ایجنسیاں): برطانیہ نے خبردار کیا ہے کہ اگر تل ابیب نے مقبوضہ قدس میں برطانوی قونصل خانے کو بند کرنے کا فیصلہ واپس نہ لیا تو لندن اسرائیل کے 27 سفارت کاروں اور ان کے اہل خانہ کو ملک سے نکال دے گا۔ برطانوی سفیر سائمن والٹرز نے اسرائیلی حکام تک یہ پیغام پہنچایا۔ اسرائیلی ویب سائٹ وائی نیٹ نے پریس ٹی وی کے حوالے سے یہ خبر دی ہے۔ رپورٹ کے مطابق لندن نے فیصلہ کیا ہے کہ اگر قونصل خانہ بند کیا گیا اور اس کے نتیجے میں برطانوی مشن کے 27 اہلکاروں کا سفارتی درجہ ختم ہوا تو برطانیہ بھی ہر ایک کے بدلے ایک اسرائیلی سفارت کار کو ملک سے نکال دے گا۔ برطانوی دفتر خارجہ نے اس رپورٹ پر تبصرہ کرنے سے انکار کیا ہے، تاہم اس کی تردید بھی نہیں کی۔ وہیں دوسری طرف برطانیہ نے مقبوضہ مشرقی یروشلم میں اپنے قونصل خانے کو بند کرنے کے بجائے اس کا نام تبدیل کر کے 'یو کے مشن، یروشلم' رکھنے کا فیصلہ کیا ہے جبکہ محدود تعداد میں سفارت کار اسی عمارت میں کام جاری رکھیں گے۔ برطانوی وزیر خارجہ ایڈملی بینڈ نے جمعرات کو کہا کہ اسرائیل کی جانب سے قونصل خانہ بند کرنے کی ڈیڈلائن ختم ہونے کے باوجود قونصل خانے کی عمارت بند نہیں ہوگی تاہم اس کی سرگرمیاں محدود پیمانے پر جاری رہیں گی۔ اسرائیلی وزیر خارجہ گیڈون سار کے مطابق اسرائیل نے برطانیہ کو عمارت سے محدود سطح پر کام جاری رکھنے کی اجازت دی ہے، جس کے لیے 7 برطانوی سفارت کار وہاں موجود رہیں گے۔ ان کے مطابق برطانوی قونصل جنرل سمیت تقریباً 20 سفارتکار اپنی ذمہ داریاں ختم کر کے اسرائیل سے روانہ ہو جائیں گے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے صحافیوں نے جمعرات کو دیکھا کہ عمارت سے 'برٹش قونصلیٹ جنرل' کی تختی اور قونصلر سیکشن کا نشان ہٹا دیا گیا، تاہم عمارت پر برطانوی پرچم بدستور لہراتا رہا۔ ایڈملی بینڈ نے کہا کہ برطانیہ اسرائیل کے اس مؤقف کو تسلیم نہیں کرتا کہ اسے قونصل خانہ بند کرنے کا قانونی اختیار حاصل ہے۔ یہ قونصل خانہ مقبوضہ مشرقی یروشلم کے علاقے میں واقع ہے، جس پر اسرائیل نے 1967 کی جنگ کے بعد قبضہ کیا تھا۔ برطانوی وزیر خارجہ کے مطابق نیا یو کے مشن، یروشلم فلسطینی عوام کے ساتھ کام جاری رکھے گا اور

اہم خدمات بھی فراہم کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ برطانیہ نے حالیہ ہفتوں میں کچھ عملے اور ان کے اہل خانہ کو واپس بلایا تھا، تاہم اب وہ علاقے میں اپنی موجودگی دوبارہ بڑھانے کیلئے کام کرے گا۔ قونصل خانے کی بندش کا تنازع اس وقت پیدا ہوا جب برطانیہ نے مقبوضہ مغربی کنارے میں قائم اسرائیلی بستیوں کے خلاف پابندیاں عائد کرنے کا اعلان کیا۔ ان پابندیوں میں وہاں تیار ہونے والی بعض مصنوعات کی درآمد پر پابندی بھی شامل ہے۔ اسرائیلی وزیر خارجہ گیڈون سار نے کہا کہ اسرائیل کے خلاف کوئی بھی اقدام بغیر مناسب جوابی کارروائی کے نہیں چھوڑا جائے گا۔ دوسری جانب اقوام متحدہ اور بیشتر ممالک اسرائیلی بستیوں کو بین الاقوامی قانون کے تحت غیر قانونی سمجھتے ہیں، جبکہ اسرائیل اس مؤقف سے اختلاف کرتا ہے۔ برطانیہ نے اس تنازع کے جواب میں فی الحال اسرائیلی سفارت کاروں کے خلاف کوئی جوابی کارروائی نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات جاری رہیں گے۔ مشرقِ یروشلم میں برطانوی موجودگی تقریباً 200 سال پرانی ہے۔ موجودہ قونصل خانہ یروشلم، مقبوضہ مغربی کنارے اور غزہ میں فلسطینیوں سے برطانیہ کے تعلقات اور قونصلر خدمات سے متعلق امور دیکھتا ہے۔ تاہم اس فیصلے کا تل ابیب میں قائم برطانوی سفارت خانے پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، جو اسرائیلی حکومت کے ساتھ برطانیہ کے سفارتی تعلقات کا مرکز ہے۔ حالیہ تنازع کے باوجود برطانیہ اور اسرائیل کے درمیان اقتصادی، سکیورٹی اور انٹیلی جنس شعبوں میں تعاون برقرار ہے۔

کیا ہے تنازع کی وجہ؟

اسرائیلی وزیر خارجہ گیڈیون سار نے قونصل خانہ 8 اکتوبر تک بند کرنے اور اس کے عملے کی سفارتی اسناد منسوخ کرنے کا حکم دیا ہے۔ شیخ جراح کے علاقے میں واقع یہ قونصل خانہ تل ابیب میں موجود برطانوی سفارت خانے سے الگ کام کرتا ہے اور مشرقی قدس، مقبوضہ مغربی کنارے اور غزہ کی پٹی میں فلسطینیوں سے متعلق سیاسی اور قونصلر امور انجام دیتا ہے۔ یہ اقدام برطانیہ کی جانب سے گزشتہ ماہ غیر قانونی اسرائیلی بستیوں سے درآمد ہونے والی اشیا پر پابندی عائد کیے جانے کے ردعمل میں کیا گیا ہے۔ برطانوی وزیر خارجہ ایڈملی بینڈ نے فرانس اور کینیڈا کے ساتھ مل کر یہ اقدامات کیے تھے۔ ان ممالک نے فلسطینیوں کے خلاف اسرائیلی پالیسیوں اور بستیوں کی توسیع کے حوالے سے اپنے اقدامات کا اعلان کیا تھا۔ برطانوی پابندی ایسے وقت میں سامنے آئی جب اسرائیل نے مقبوضہ علاقوں میں ایک ہزار سے زائد نئی آباد کار رہائش گاہیں تعمیر کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا تھا۔ بین الاقوامی قانون کے تحت اسرائیلی آباد کاریوں کو غیر قانونی سمجھا جاتا ہے۔

ٹرمپ نے نوبیل امن انعام کیلئے دوبارہ دعویٰ دہرادیا

کہا 'میں نے 8 جنگیں ختم کرائیں'، ناروے کی نوبیل کمیٹی پر دباؤ بنانے کی کوشش

واشنگٹن، (یو این آئی) امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے بدھ کو نوبیل امن انعام کے حصول کی اپنی کوشش دوبارہ تیز کرتے ہوئے 8 جنگیں ختم کرانے کے اپنے دعوے کو دہرایا اور کہا کہ اگر ناروے کی نوبیل کمیٹی نے انہیں انعام نہیں دیا تو یہ اس کے لیے 'بڑی بدنامی' ہوگی۔ جمعہ کو رواں سال کے نوبیل امن انعام کے اعلان سے قبل اوول آفس میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ میں نے وہ کام کیے ہیں جو اس سے پہلے کسی نے نہیں کیے۔ میں شیخی نہیں بگھار رہا، صرف حقائق بتا رہا ہوں۔ شاید کسی صدر نے کبھی کوئی جنگ ختم نہیں کرائی۔ میں نے آٹھ جنگیں ختم کرائی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن قائم کرنے کی ان کی کوششیں جاری ہیں اور اشارہ دیا کہ ایک اور تنازع جلد حل ہو سکتا ہے، بظاہر ان کی مراد ایران جنگ سے تھی، جو آٹھویں ماہ میں داخل ہو چکی ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ ان کی شہرت شاید یہ ہے کہ وہ میرے جیسے لوگوں کو انعام نہیں دیتے۔ لیکن مجھے یہ انعام ملے یا نہ ملے، میں نے اس سے کہیں زیادہ کام کیا ہے۔ میرے خیال میں یہ ان کے لیے بہت بڑی بدنامی ہوگی۔ ٹرمپ نے سابق صدر براک اوباما کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا، جنہیں عہدہ سنبھالنے کے ایک سال سے بھی کم عرصے بعد 2009 میں نوبیل امن انعام دیا گیا تھا۔ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ اوباما

نے 'کچھ نہیں کیا' اور 'اب بھی نہیں جانتے کہ انہیں یہ انعام کس لیے دیا گیا تھا'۔ اوباما کو بین الاقوامی سفارت کاری اور تعاون کو مضبوط بنانے کی کوششوں، بشمول امریکہ اور مسلم دنیا کے درمیان تعلقات بہتر بنانے، کے اعتراف میں نوبیل امن انعام دیا گیا تھا۔ ٹرمپ نے گزشتہ سال کے نوبیل امن انعام کی فاتح اور وینزویلا کی اپوزیشن رہنما ماریا کورینا ماچاڈو کا بھی حوالہ دیا اور دعویٰ کیا کہ انہوں نے ان سے کہا تھا کہ وہ اس انعام کے مستحق ہیں اور اوول آفس میں ملاقات کے دوران یہ انعام انہیں دے دیا تھا۔

ٹرمپ نے کہا کہ مجھے بالواسطہ طور پر یہ انعام حاصل کر کے بہت اعزاز محسوس ہوا، اور ماچاڈو کے حوالے سے کہا کہ تاریخ میں کوئی بھی صدر ٹرمپ سے زیادہ اس کا مستحق نہیں ہے۔

سری لنکا کی سابق خاتون اول بدعنوانی کے الزام میں زیر حراست

کولبو، (ایجنسی): سری لنکا کی سابق خاتون اول شرانتی راجاپاکسے کو مبینہ بدعنوانی کی تحقیقات

کے دوران جیل بھیج دیا گیا ہے۔ حکام نے ان پر خاتون اول کی حیثیت سے اپنے دور میں عطیہ کے فنڈز کا غلط استعمال کرنے کا الزام لگایا۔ سری لنکا کے سابق صدر مہندا راجاپاکسے کی اہلیہ کو اس الزام میں حراست میں لے لیا گیا کہ وہ خاتون اول کے عہدے پر اپنے خیراتی ادارے کیلئے ملنے والے عطیات کا غلط استعمال کر رہی تھیں۔ پولیس نے شرانتی راجاپاکسے سے ان کے گھر پر پوچھ گچھ کی اور بعد میں انہیں عدالت کے سامنے پیش کیا جس نے انہیں زیر التواء تحقیقات کے لیے ایک ہفتے کیلئے حراست میں رکھنے کا حکم دیا۔

آبنائے ہرمز سے متعلق بڑی پیش رفت، ایران اور عمان کا محفوظ بحری راستوں پر اتفاق

منصوبے میں بحری ٹریفک کے انتظام اور متعلقہ معلومات ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کرنے کے طریقہ کار پر بھی کام شامل

تہران، (ایجنسیاں): ایران اور عمان نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کے لیے مخصوص محفوظ بحری راستوں کے جغرافیائی نقاط پر اتفاق کر لیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے بتایا کہ دونوں ممالک نے آبنائے ہرمز میں داخل ہونے اور وہاں سے نکلنے والے بحری جہازوں کیلئے مقررہ محفوظ راستوں کے جغرافیائی کوآرڈینیٹس طے کر لیے ہیں۔

ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے 'ارنا' کے مطابق ایران اور عمان اس بات پر بھی متفق ہو گئے ہیں کہ ان راستوں کے جغرافیائی نقاط متعلقہ بین الاقوامی بحری ادارے تک کس طریقے سے پہنچائے جائیں گے۔ یہ پیش رفت آبنائے ہرمز میں بحری آمد و رفت بحال کرنے کیلئے ایران اور عمان کے درمیان طے پانے والے مرحلہ وار فریم ورک کا حصہ ہے۔ دونوں ممالک نے اس سے قبل اگست میں ایک عارضی بحری راہداری قائم کرنے، سمندری بارودی سرنگیں صاف کرنے اور مستقبل میں مستقل بحری راستہ بنانے پر اتفاق کیا تھا۔ اس منصوبے میں بحری ٹریفک کے انتظام اور متعلقہ معلومات ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کرنے کے طریقہ کار پر بھی کام شامل ہے۔ تاہم ایران اور عمان کے درمیان محفوظ راستوں کے کوآرڈینیٹس پر اتفاق کا یہ مطلب نہیں کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھول دی گئی ہے یا تجارتی جہازوں کو غیر مشروط اور مکمل محفوظ گزرنے کی ضمانت حاصل ہو گئی ہے۔ ایران پہلے بھی واضح کر چکا ہے کہ آبنائے ہرمز میں بحری آمد و رفت کی مکمل بحالی کا انحصار وسیع تر علاقائی حالات پر ہوگا۔

ایرانی حکام کی جانب سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ عمان کے ساحل کے قریب بعض ایسے راستوں کو بند کرنے کا منصوبہ ہے جنہیں تہران ''غیر قانونی راستے'' قرار دیتا ہے۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے اور یہاں آمد و رفت میں رکاوٹ عالمی تیل اور توانائی کی سپلائی پر نمایاں اثر ڈال سکتی ہے۔

ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات کی تازہ صورتحال کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلامی جمہوریہ ایران نے تمام محاذوں پر مسلط کردہ جنگ کے خاتمے اور خلیج فارس و آبنائے ہرمز میں سکیورٹی کی بحالی کے حوالے سے اپنے تحفظات اور شرائط واضح اور دوٹوک انداز میں پیش کر دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فریق مخالف کی تجاویز کے حوالے سے بھی ضروری جواب ثالثوں کے ذریعے پیش کیا جائے گا۔

قابض اسرائیلی جارحیت سے غزہ میں دو خواتین اور ایک بچے سمیت 8 فلسطینی شہید

غزہ: قابض صہیونی فوج نے مسلسل 364 ویں دن بھی جنگ بندی کی خلاف ورزی جاری رکھتے ہوئے بمباری، دھماکوں اور تباہی مچانے کے ذریعے غزہ کی پٹی میں نیا قتل عام کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی سامان، امداد اور سفر کی نقل و حرکت پر بھی پابندیاں برقرار رکھی گئیں۔ ایک مقامی ذریعے نے اطلاع دی ہے کہ آج رات شہر غزہ کے جنوب میں حی الصبرہ میں مسجد عبداللہ عزام کے قریب السوافيري خاندان کے ایک گھر پر اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں بچہ حسام اُحمد حوسو اور خاتون انتصار اُبو عصر شہید ہو گئے، جبکہ 6 شہری زخمی ہو گئے۔ ایک مقامی ذریعے نے بتایا کہ غزہ کی پٹی کے وسط میں شہر دیر البلح کے جنوب مشرق میں قابض فوج کے غنڈوں کی فائرنگ سے شہری مصباح دلول شہید ہو گئے۔

ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ شہری محمد رجب ورش آغا گذشتہ شام شہر غزہ کے شمال مغرب میں دوار التوام پر مصری کیمپ میں بے سہاروں کے پناہ گزین خیمے پر قابض طیاروں کی بمباری کے نتیجے میں پہلے لگنے والے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہو گئے۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ جمعرات کی شام ایک قابض اسرائیلی ڈرون کی طرف سے شہر غزہ کے جنوب مغرب میں شارع الصناعہ میں اردنی فیلڈ ہسپتال کے قریب ایک کار کو نشانہ بنائے جانے کے نتیجے میں دو شہری شہید اور دیگر زخمی ہو گئے۔

ایک مقامی ذریعے نے بتایا کہ شہر غزہ کے شمال مغرب میں محطہ الخزندار کے گردونواح میں آج صبح قابض اسرائیلی توپ خانے کی بمباری سے خاتون احلام شعبان مبارک شہید ہو گئیں۔ وسطی غزہ کی پٹی میں واقع نصیرات کیمپ کے نوجوان احمد خمیس اُبو ناجع قابض فوج کی بمباری سے ایک ہفتہ قبل لگنے والے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہو گئے۔

جمعرات کی شام شہری دفاع نے اعلان کیا کہ اس کے عملے نے خان یونس میں دو گھروں پر ہونے والی اسرائیلی بمباری کا سامنا کیا؛ پہلا گھر شہر کے وسط میں الکتیبہ کالونی میں تھا، جہاں دو بزرگ شہریوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا، دوسرا گھر شہر کے وسط میں کراج رفح کے قریب دیوان النجار کے ساتھ والا گھر تھا۔ اس سے پہلے ایک قابض اسرائیلی ڈرون کی جانب سے شہر غزہ کے شمال مغرب میں التوام علاقے میں مصری پناہ گزین کیمپ میں بے سہاروں کے خیمے کو نشانہ بنائے جانے کے نتیجے میں کئی شہری زخمی ہو گئے، جن میں سے ایک کی حالت تشویشناک ہے۔ اور غزہ کی پٹی کے جنوب میں خان یونس کے مغرب میں واقع ال※ ولندی کالونی میں قابض فوج کی فائرنگ سے ایک نوجوان پاؤں میں زخمی ہو گیا۔ اور غزہ کی پٹی کے جنوب میں شہر رفح کے مواصی علاقے میں 'زعرب' خاندان کے گھر کو نشانہ بنانے والی قابض اسرائیل کی توپ خانے کی بمباری کے نتیجے میں 7 افراد زخمی ہو گئے اور جنوبی غزہ کے شہر خان یونس کے شمال میں شارع 5 کے گردونواح میں ایک قابض اسرائیلی ڈرون کے حملے کے نتیجے میں کئی شہری زخمی ہو گئے۔

ایک مقامی ذریعے نے اطلاع دی ہے کہ قابض فوج کی گاڑیوں نے جبالیا کیمپ کے مشرق میں پناہ گاہوں کی جانب، جن میں الموسطی اور مشترکہ سکول ''ب'' شامل ہیں، اس کے علاوہ گھروں اور بے سہاروں کے خیموں پر بھی شدید فائرنگ کی۔ اور قابض فوج کے توپ خانے نے شہر غزہ کے مشرق میں گولہ باری کی، اور اسی طرح شہر کے مشرق میں حی التفاح پر بھی توپ خانے سے نشانہ بنایا۔

اور قابض فوج کی گاڑیوں نے خان یونس کے شمال میں مدینہ حمد کے مشرق میں، اور شہر کے مشرق و جنوب میں فائرنگ کی، جبکہ قابض اسرائیلی ٹینکوں نے قطاع کے جنوب میں خان یونس کے جنوب میں اندھا دھند فائرنگ کی۔ اور قابض فوج نے خان یونس کے مشرق میں انہدام کے دو نئے عمل انجام دیے۔ فلسطینی وزارتِ صحت کے اعداد و شمار کے مطابق، گذشتہ دس اکتوبر سے جنگ بندی کے آغاز کے بعد سے شہداء کی تعداد بڑھ کر 471,1 تک پہنچ گئی ہے، اس کے علاوہ 189,5 زخمی ہوئے ہیں، جبکہ ملبے سے نکالنے کے 836 واقعات بھی ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ اسی طرح سات اکتوبر سنہ 2023ء سے اس جارحیت کی مجموعی ہلاکتیں تقریباً 254,74 شہداء اور 306,175 زخمیوں تک پہنچ گئی ہیں، جو قطاع پر قابض فوج کی جاری جارحیت کی بھاری انسانی قیمت کی عکاسی کرتی ہیں۔

اسرائیل نے اسیر مروان حرز اللہ کا جسدِ خاکی حوالے کر دیا، 99 شہداء کے اجساد خاکی بدستور قید

غزہ: قابض صہیونی حکام نے جمعرات کے روز نابلس کے العین کیمپ سے تعلق رکھنے والے شہید اسیر مروان فتحی حرز اللہ کا جسدِ خاکی ان کے ورثا کے حوالے کر دیا، جنہیں چھ ماہ سے زائد عرصے تک روکے رکھا گیا تھا، جبکہ اسیران کے اداروں کے مطابق قابض فوج اب بھی 99 شہید اسیروں کے اجساد خاکی قید رکھے ہوئے ہے۔ قابض فوج نے حرز اللہ کو جنوری سنہ 2026ء میں 'اشتعال انگیزی' کے بہانے گرفتار کیا تھا۔ دوران حراست انہیں بدترین تشدد کا نشانہ بنایا گیا جہاں ان کی گرفتاری کے تقریباً دو ماہ بعد اٹھائیس مارچ کو مجدو جیل کے اندر ان کی شہادت کا اعلان کیا گیا۔

اسیران سے متعلق اداروں نے قابض حکام اور زندانوں کی انتظامیہ کو ان کی شہادت کی مکمل ذمہ داری سونپی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ یہ شہادت اسیروں کو درپیش منظم خلاف ورزیوں کے تناظر میں، علاج اور ضروری طبی دیکھ بھال سے محروم رکھنے کا براہ راست نتیجہ تھی۔

کلب برائے اسیران نے پانچ اکتوبر کو جاری ہونے والے ایک بیان میں خبردار کیا کہ قابض ریاست اشتعال انگیزی کے الزام کے استعمال کو وسیع کر رہی ہے، جو کہ وہ بہانہ ہے جس کے تحت حرز اللہ کو گرفتار کیا گیا تھا، اور اسے کنٹرول، نگرانی اور تعاقب کا آلہ بنایا جا رہا ہے۔ ادارے نے واضح کیا کہ اس الزام کے تحت گرفتاریوں کا سلسلہ نسل کشی کے آغاز سے ہی تیز ہو گیا تھا، اور اس کی زد میں عام شہری، رہا ہونے والے اسیر، طلبہ، خواتین اور بچے آئے ہیں، جن میں وہ افراد بھی شامل ہیں جنہیں جاری واقعات سے متعلق پوسٹس اور موقف کی بنیاد پر نشانہ بنایا گیا۔ اداروں نے وضاحت کی کہ حرز اللہ کے جسدِ خاکی کی حوالگی سے قید شہید اسیروں کے اجساد خاکی کی تعداد کم ہو کر 99 رہ گئی ہے، جن میں وہ 88 اسیروں کے اجساد خاکی بھی شامل ہیں جو غزہ کی پٹی پر مسلط کردہ جنگِ نسل کشی کے آغاز سے شہید ہوئے ہیں۔

یہ اعداد و شمار صرف ان اسیروں کے اجساد خاکی سے متعلق ہیں جو اب تک قید ہیں۔ یہ اسیر تحریک کے شہداء کی کل تعداد کی نمائندگی نہیں کرتے؛ کیونکہ یہ ایک وسیع تر مجموعے کا حصہ ہیں جس میں قابض حکام کی طرف سے روکے گئے فلسطینی شہداء کے اجساد خاکی شامل ہیں۔ اداروں کے مطابق اجساد خاکی کو روکے رکھنے کا یہ تسلسل غزہ کی پٹی سے تعلق رکھنے والے دجنوں حراست زدہ افراد کے انجام کے بارے میں لاعلمی کے ساتھ جاری ہے، جو ان خاندانوں کی تکلیف کو دو چار کرتا ہے جو اپنے بیٹوں کے بارے میں معلومات کے منتظر ہیں۔ وہ خاندان جوان کے اجسامِ خاکی کے حصول اور تدفین کے آرزومند ہیں۔

اسیران کے اداروں نے اس بات پر زور دیا کہ اجساد خاکی کا قید رہنا خاندانوں کو ان کے بیٹوں کے آخری دیدار اور باعزت تدفین سے محروم کرتا ہے، یہ اس سفاکیت کا تسلسل ہے جو قابض ریاست کی طرف سے شہادت کے بعد بھی فلسطینیوں کے خلاف جاری ہے۔ حرز اللہ کے معاملے میں جسدِ خاکی کو روکے رکھنے کا دورانیہ مارچ کے آخر سے آٹھ اکتوبر تک پھیلا رہا، جس کے نتیجے میں ان کے خاندان کو جیل کے اندر شہادت کے اعلان کے بعد اپنے بیٹے کا جسدِ خاکی وصول کرنے سے پہلے چھ ماہ سے زائد عرصے تک انتظار کرنا پڑا۔

اداروں نے عالمی برادری سے اپنے اس مطالبے کا اعادہ کیا کہ وہ اجسامِ خاکی کو روکے رکھنے کی پالیسی کو ختم کرنے، لاپتہ اور قید افراد کے انجام کا پردہ چاک کرنے، اور شہداء کے اجسامِ خاکی ان کے خاندانوں کو بغیر کسی شرط یا پابندی کے سونپنے کو یقینی بنانے کے لیے فوری اقدام کرے۔ حرز اللہ کے خاندان کے اپنے بیٹے کا جسدِ خاکی وصول کرنے کے انتظار کے اختتام کے ساتھ ہی 99 شہید اسیروں کے خاندان اب بھی آخری دیدار اور تدفین سے محروم ہیں، اس کے علاوہ غزہ کے ان حراست زدہ افراد کے خاندان بھی شامل ہیں جن کے انجام کا اب تک کوئی پتہ نہیں چل سکا۔

نیتن یاہو نے حقائق میں ہیرا پھیری کی ہے: رپورٹ

تل ابیب،(ایجنسی) نیتن یاہو نے اکتوبر2023 کے حملے سے قبل انہیں فراہم کی گئی سکیورٹی معلومات اور کی جانے والی تنبیہات کے بارے میں مکمل طور پر درست عکاسی نہ کرنے والا مؤقف پیش کیا۔شائع ہونے والی ایک جامع تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ نیتن یاہو نے بعض اہم ریکارڈز چھپائے اور واقعات کے سیاق وسباق کوتبدیل کیا،تاکہ جنگ سے قبل اپنے مؤقف کومختلف انداز میں پیش کیا جا سکے۔روزنامہ یدیعوت احرونوت اور اس کے ذیلی ادارے وائی نیٹ کی جانب سے کی جانے والی تحقیقات میں نیتن یاہو کی جانب سے فروری میں جاری کی گئی 55 صفحات پر مشتمل دستاویز کا موازنہ اصل حکومتی ریکارڈز، اجلاسوں کے منٹس اور سرکاری بیانات سے کیا گیا۔تحقیق میں بالخصوص سرحد پار حملے سے قبل کے مہینوں میں انٹیلی جنس حکام کی جانب سے دی جانے والی ہنگامی وارننگز کے حوالے سے بیانات میں منظم طریقے سے کی گئی حذف وترمیم کا انکشاف کیا گیا۔نیتن یاہو کی جانب سے فروری میں جاری کی گئی دستاویز میں یہ مؤقف پیش کیا گیا تھا کہ نیتن یاہو اعلیٰ سطح کے حماس کمانڈروں کے خلاف ٹارگٹ کلنگ کی مسلسل حمایت کرتے رہے تھے۔ اس دستاویز میں فوجی اور انٹیلی جنس حکام کو ایسے افراد کے طور پر پیش کیا گیا جوغزہ میں جنگ بندی برقرار رکھنے کے حامی اور فوجی کارروائیوں سے گریزاں تھے۔تاہم اصل ریکارڈز سے ظاہر ہوتا ہے کہ نیتن یاہو نے حماس کے مؤثر طور پر باز رہنے یا اس پر قابو پانے کے مؤقف پر اصرار کرتے ہوئے مجوزہ فوجی اقدامات کومسلسل مسترد کیا۔

ہندوستان کا پاکستان پر دہشت گردوں کو پناہ دینے کا الزام، مسعود اظہر کو انعام 'دھوکہ' قرار

نیویارک،(یواین آئی) ہندوستان نے جمعرات کو پاکستان پر دہشت گرد گروپوں کی مالی معاونت اورانہیں پناہ دینے کا الزام عائد کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی ایک کمیٹی سے کہا کہ اسلام آباد کا خود کو دہشت گردی کا شکار ملک قرار دینا دراصل عسکریت پسند نیٹ ورکس کی پرورش میں اس کے اپنے کردار پر پردہ ڈالنے کی کوشش ہے۔اقوام متحدہ میں ہندوستان کے مشن کے فرسٹ سکریٹری رگھوپوری نے یہ بیان جنرل اسمبلی کی چھٹی کمیٹی میں بین الاقوامی دہشت گردی کے خاتمے کے اقدامات پر بحث کے دوران پاکستان کے نمائندے کے بیان کے جواب میں ہندوستان کے حقِ جواب کا استعمال کرتے ہوئے دیا۔مسٹر پوری نے کہا کہ اصل سوال یہ ہے کہ جب دہشت گردوں کو کسی ملک کی سرزمین سے مالی مدد، سہولت، تربیت، پناہ یا حمایت فراہم کی جاتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟ دہشت گردی کو محض بیانات سے شکست نہیں دی جاسکتی۔اس کے لیے دہشت گردوں، منصوبہ سازوں، مالی معاونت کرنے والوں اور سرپرستوں کے خلاف کارروائی ضروری ہے۔

فرانس کے بعد بیلجیئم میں بھی طلباء کے مظاہرے پھوٹ پڑے، 107 افراد گرفتار

لیج،(ایجنسیاں)مشرقی بیلجیئم کے شہر لیج میں بھی تعلیمی حالات میں بہتری کا مطالبہ کرنے

والے طلبا کے مظاہرے پھوٹ پڑے،جس کے بعد مقامی سیکیورٹی حکام کوالرٹ کردیا گیا ہے۔ مقامی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق حالیہ دنوں میں مجموعی طور پر 107 افراد کواحتجاجی مقامات پر املاک کو نقصان پہنچانے اور آتش زنی کے الزامات کے تحت گرفتار کیا گیا۔ بیلجیئم حکومت کے سرکاری الرٹ سسٹم نے تاجروں کومشورہ دیا کہ وہ اپنے کاروبار جلد بند کردیں جبکہ سینٹرل اسٹیشن کو عارضی طور پر بند کردیا گیا ہے جس کی وجہ سے شہر کی ٹریفک اور عوامی نقل وحرکت میں خلل پڑا ہے۔پولیس نے رہائشیوں سے شہر کے مرکز میں داخل ہونے سے گریز کرنے کی تاکید کی اور جائے وقوعہ پر شرکاء کی روک تھام اور جانچ کی۔ یہ مظاہرے فرانسیسی بولنے والے تعلیمی حکام کی طرف سے متعارف کرائے گئے اصلاحاتی منصوبوں کے خلاف ردعمل کے باعث شروع ہوئے، خاص طور پر ٹیوشن فیسوں میں اضافے کے منصوبے۔

واضح رہے کہ بیلجیم فرانسیسی اور ڈچ کو اپنی سرکاری زبانوں کے طور پر تسلیم کرتا ہے۔

'غزہ کے شمال میں واقع کمال عدوان اسپتال کو فوجی مقاصد کیلئے استعمال کیا جا رہا تھا'

اسرائیل کی جانب سے طبی مراکز کے بارے میں بار بار لگائے جانیوالے الزامات بے بنیاد: حماس

غزہ،(یواین آئی) فلسطینی مزاحمتی گروپ حماس نے اسرائیلی فوج کے ان دعوؤں کو بے بنیاد اور من گھڑنت' قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا ہے کہ غزہ کے شمال میں واقع کمال عدوان اسپتال کوفوجی مقاصد کیلئے استعمال کیا جارہا تھا۔ یہ ردعمل اسپتال کے قریب، اموات کا سبب بننے والے ایک حملے کے بعد سامنے آیا ہے۔اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا تھا کہ کمال عدوان اسپتال سے دو فلسطینی افراد باہر نکلے،جن میں سے ایک نے مبینہ طور پر اسپتال کے اندر سے حاصل کیا گیا ایک دھماکہ خیز آلہ نصب کیا اور بعدازاں دونوں کوایک فضائی حملے میں نشانہ بنا کر ہلاک کردیا گیا ہے۔فوج نے کہا تھا کہ ہلاک ہونے والوں میں سے ایک کا نام محمد تموس تھا۔اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا کہ وہ فلسطینی سول ڈیفنس یونٹ میں خدمات انجام دینے کے ساتھ ساتھ حماس کے عسکری ونگ سے بھی وابستہ تھا۔تاہم اسرائیلی فوج نے اپنے ان دعوؤں کے حق میں کوئی ثبوت پیش نہیں کیا کہ اسپتال کے اندر دھماکہ خیز آلات ذخیرہ کیے گئے تھے،انہیں اسپتال سے باہر منتقل کیا گیا تھا یا طبی کمپلیکس کو مسلح کارروائیوں کے لیے استعمال کیا جا رہا تھا۔حماس نے کہا کہ اسرائیل کی جانب سے طبی مراکز کے بارے میں بار بار لگائے جانے والے الزامات، جن میں کمال عدوان اسپتال سے مسلح جنگجوؤں کی سرگرمیوں کا الزام بھی شامل ہے، مکمل طور پر من گھڑنت ہیں۔تحریک نے کہا کہ یہ بیانیہ اسرائیل کے ان سابقہ دعوؤں کی عکاسی کرتا ہے جن میں اسپتالوں کے اندر کمانڈ مراکز قائم ہونے کے الزامات لگائے گئے تھے،لیکن وہ الزامات بھی بعد میں بے بنیاد ثابت ہوئے۔حماس کے مطابق اسرائیلی افواج خطے کے اسپتالوں، ہنگامی امدادی کارکنوں اور شہری بنیادی ڈھانچے پر حملوں کو جائز قرار دینے کے لیے بہانے تراش رہی ہیں۔

ٹیکساس میں ٹرمپ کی انتخابی تقریر کے دوران ہنگامہ، 10 افراد اجتماع سے نکال دیے گئے

واشنگٹن،(ایجنسیاں):امریکہ کی ریاست ٹیکساس میں صدر ٹرمپ کی انتخابی ریلی کے

دوران امریکی مظاہرین نے کئی مرتبہ ان کی تقریر روکنے کی کوشش کی۔ مقامی میڈیا کے مطابق تقریباً 10 افراد کواجتماع کے مقام سے نکال دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق ٹیکساس میں ٹرمپ کی تقریر کے دوران مظاہرین نے بار باران کی گفتگو میں خلل ڈالا۔ ٹرمپ نے ان مظاہرین کو 'کرائے کے ایجنٹ' قرار دیا جبکہ اجتماع میں موجود ٹرمپ اور ریپبلکن پارٹی کے حامیوں نے مظاہرین کے خلاف شدید نعرے بازی کی اور امریکہ کی حمایت میں نعرے لگائے۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہےکہ ایک مظاہرہ کرنیوالا شخص اجتماع سے نکالے جاتے وقت ہجوم کی جانب سے ہوٹنگ کے درمیان اپنے موبائل فون سے خود کی ویڈیو بنا رہا تھا۔ ایک دوسرے شخص نے ایسی ٹی شرٹ پہن رکھی تھی جس پر 'کیوبا کو بچاؤ' کا نعرہ درج تھا۔ کیوبا اس وقت امریکہ کی سخت پابندیوں کا سامنا کر رہا ہے۔نومبر میں ہونیوالے وسط مدتی انتخابات سے قبل ٹرمپ نے اپنے حامیوں کو متحرک کرنے کیلئے انتخابی ریلیوں میں اضافہ کر دیا ہے۔ تاہم متعدد جائزوں کے مطابق ان انتخابات میں ریپبلکن پارٹی کیلئے صورتحال زیادہ حوصلہ افزا دکھائی نہیں دے رہی۔ ریپبلکن پارٹی کو کانگریس کے دونوں ایوانوں میں اپنی اکثریت کھونے کا خدشہ ہے۔ایسا ہونے کی صورت میں ٹرمپ کو قانون ساز ادارے کی جانب سے مزید نگرانی اور جواب دہی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے کیونکہ امریکی نظام حکومت میں کانگریس صدر کے اختیارات کی نگرانی اور ان پر پابندی عائد کرنیکا کردار رکھتی ہے۔ دوسری جانب اخراجاتِ زندگی بھی انتخابی مہم کا ایک اہم موضوع بن گئے ہیں۔ مشرق وسطیٰ کی جنگ اور ایران پر امریکی حملے کے نتیجے میں ایندھن کی قیمتوں میں شدید اضافے نے امریکی عوام کی معاشی مشکلات میں اضافہ کیا ہے۔ اسی دوران تہران کی جانب سے آبنائے ہرمز بند کیے جانے کے باعث تیل اور گیس کی قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

ایران کے جوہری پروگرام میں مزید پیشرفت، زراعت اور طب میں بھی نئی کامیابیوں کا دعویٰ

ملک کے خلاف عائد کیے جانے والے الزامات اور دعوے درست نہیں: محمد اسلامی

تہران،(ایجنسیاں): ایران کی جوہری توانائی تنظیم کے سربراہ محمد اسلامی نے دعویٰ کیا ہے کہ پابندیوں، دھمکیوں اور حملوں کے باوجود ملک کی جوہری صنعت نے مختلف شعبوں میں پیش رفت جاری رکھی ہے۔ایرانی جوہری توانائی تنظیم کے سربراہ نے ایرانی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دباؤ کے باوجود ادارے نے صحت، زراعت اور ریڈیوفارماسیوٹیکلز سمیت مختلف شعبوں میں اپنی سرگرمیاں آگے بڑھائی ہیں۔محمد اسلامی نے ایران پر جوہری ہتھیار تیار کرنے کی خواہش کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے خلاف عائد کیے جانے والے الزامات اور دعوے درست نہیں۔ان کے بقول ان حالات کے باوجود ایرانی ماہرین نے اپنی ذمہ داریاں انجام دیں اور جدید سائنسی شعبوں میں ملک کی پیش رفت برقرار رکھی۔ ایران طویل عرصے سے مؤقف اختیار کرتا آیا ہے کہ اس کے پاس موجود اور افزودہ کیا جانے والا یورینیم پرامن مقاصد کیلئے ہے۔ تہران کے مطابق جوہری ٹیکنالوجی کا استعمال بجلی کی پیداوار ،طبی علاج اور سائنسی تحقیق سمیت شہری شعبوں میں کیا جارہا ہے۔اسلامی نے جوہری ٹیکنالوجی کے زرعی استعمال کا ذکر کیا اور کہا کہ ایران نے زرعی اور غذائی مصنوعات میں تابکاری ٹیکنالوجی کے استعمال کیلئے بڑے پیمانے پر کام کیا ہے۔

انکے مطابق ایسے بیج اور زرعی مصنوعات جنہیں پلازما یا تابکاری کے عمل سے گزارا گیا، ان کی پیداوار میں کم ازکم 30 فیصد اور بعض صورتوں میں 100 فیصد تک اضافہ دیکھا گیا ہے۔محمد اسلامی نے یہ بیان ایران میں بچوں کے کینسر کی تشخیص اور علاج کیلئے قائم کیے گئے ملک کے پہلے تعلیمی مرکز کے افتتاح کے موقع پر دیا۔ایران کا جوہری پروگرام طویل عرصے سے عالمی سطح پر تنازع کا مرکز ہے۔ مغربی ممالک تہران کی جوہری سرگرمیوں پر خدشات کا اظہار کرتے رہے ہیں، جبکہ ایران کا کہنا ہے کہ اس کا جوہری پروگرام مکمل طور پر پرامن اور شہری مقاصد کے لیے ہے۔

ایران نے جنگ کے دوران امریکی فوج کے 81 طیارے تباہ کیے، ایرانی وزیر خارجہ کا دعویٰ

تہران: ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ میں امریکی فوجیوں کی ہلاکتوں اور امریکی فوجی اثاثوں کو پہنچنے والا نقصان سرکاری طور پر جاری کیے گئے اعداد و شمار سے کہیں زیادہ ہے۔عباس عراقچی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر ایک بیان میں امریکی فوجی نقصانات سے متعلق اعداد وشمار پیش کرتے ہوئے کہا کہ مئی میں امریکی کانگریس کی ریسرچ سروس نے تسلیم کیا تھا کہ ایرانی مسلح افواج نے 42 امریکی فوجی طیارے تباہ کیے تھے، جبکہ اب یہ تعداد 81 تک پہنچ چکی ہے۔ایرانی وزیر خارجہ نے اپنے دعوے کی حمایت میں امریکی فوجی اڈوں کی صورتحال پر بھی سوال اٹھایا۔ان کا کہنا تھا کہ اگر امریکی فوجی اڈوں کو کوئی بڑا نقصان نہیں پہنچا تو امریکی سینٹرل کمانڈ ایک موجودہ سینیٹر کو ان اڈوں کا معائنہ کرنے کی اجازت کیوں نہیں دیتی۔

جنگ بندی کی مسلسل اسرائیلی خلاف ورزیاں جاری، غزہ میں ایک خاتون شہید

غزہ: قابض اسرائیلی فوج نے جمعرات کے روز مسلسل 364 ویں دن بھی بمباری، مسماری اور تباہ کاریوں کے ذریعے غزہ کی پٹی میں جنگ بندی کے معاہدے کی خلاف ورزی کا سلسلہ جاری رکھا، جبکہ اس کے ساتھ ہی اشیا، امداد اور سفر کی نقل وحرکت پر پابندیاں بھی بدستور برقرار رکھی گئیں۔ایک مقامی ذریعے نے اطلاع دی کہ آج صبح شہر غزہ کے شمال مغرب میں محطہ الخزندار کے گردونواح میں اسرائیلی توپ خانے کی بمباری کے نتیجے میں تیس سالہ خاتون اُحلام شعبان مبارک شہید ہوگئی۔غزہ کی پٹی کے جنوب میں واقع شہر رفح کے علاقے مواصی میں زعرب خاندان کے گھر کو نشانہ بنانے والی اسرائیلی توپ خانے کی بمباری کے نتیجے میں 7 افراد زخمی ہوگئے۔غزہ کی پٹی کے جنوب میں واقع شہر خان یونس کے شمال میں شارع 5 کے گردونواح میں ایک اسرائیلی ڈرون طیارے کی بمباری کے نتیجے میں متعدد شہری زخمی ہوگئے۔

قابض صہیونی عقوبت خانوں میں 9,350 اسیران کے خلاف تشدد اور طبی غفلت کا منظم تسلسل

غزہ: اسیران میڈیا آفس کی طرف سے تیار کردہ ایک رپورٹ میں جو فلسطینی اسیروں کے حالات اور ستمبر سنہ 2026ء کے آخر تک کی نمایاں پیش رفت کا احاطہ کرتی ہے، اسیر تحریک کے خلاف اسرائیلی تسلسل کے تحت جاری شدت پسندی کا پردہ چاک کیا گیا ہے، جس میں گرفتاریوں کی مہمات کو وسعت دینا، جبر وتشدد کے اقدامات کو سخت کرنا، اور قید کی کڑی شروط مسلط کرنا شامل ہے، جو بنیادی حقوق سے محرومی، طبی غفلت اور تشدد کے تسلسل کے ساتھ ساتھ جاری ہے۔

رپورٹ کے مطابق قابض صہیونی عقوبت خانوں میں فلسطینی اسیروں کی تعداد تقریباً 350,9 اسیروں تک پہنچ چکی ہے، جن میں 176,3 انتظامی قیدی، تقریباً 90 قیدی خواتین، 350 بچے، اس کے علاوہ 25 سینئر اسیران، 7 فلسطینی ارکانِ پارلیمنٹ، اور عمر قید کی سزاؤں کا سامنا کرنے والے غزہ کی پٹی کے 15 اسیر شامل ہیں۔

اسیران میڈیا آفس نے واضح کیا کہ غزہ کی پٹی پر نسل کشی کی جنگ کے آغاز سے لے کراب تک مغربی کنارے میں گرفتاریوں کے واقعات کی تعداد 25 ہزار سے تجاوز کر چکی ہے، جبکہ دھاووں، اجتماعی گرفتاریوں، فیلڈ انکوائریوں اور شہریوں پر حملوں کا سلسلہ جاری ہے۔ رپورٹ میں اشارہ کیا گیا ہے کہ گرفتار ہونے والوں میں تقریباً 350 بچے شامل ہیں، جبکہ گرفتار صحافیوں کی تعداد تقریباً 38 مرد وزن صحافیوں تک پہنچ چکی ہے، جن میں غزہ کی پٹی کے 9 صحافی بھی شامل ہیں، اور قابض صہیونی عقوبت خانوں کے اندر 5 صحافی شہید ہو چکے ہیں۔ رپورٹ میں اس بات کی بھی توثیق کی گئی ہے کہ سات اکتوبر سنہ 2023ء کے بعد سے 92 اسیر شہید ہو چکے ہیں، جن میں عمر قید کی سزا پانے والے 13 اسیر بھی شامل ہیں، جبکہ سال 2026ء کے آغاز سے لے کراب تک عقوبت خانوں کے اندر 6 اسیر شہید ہو چکے ہیں، جس کے بعد سنہ 1967ء سے لے کراب تک اسیر تحریک کے شہداء کی مجموعی تعداد تقریباً 805 شہداء تک پہنچ گئی ہے۔اسیران میڈیا آفس نے بتایا کہ اسیران کو مار پیٹ اور تشدد کا مسلسل نشانہ بنایا جا رہا ہے، اس کے علاوہ ذلت آمیز تلاشیوں، انتقامی کارروائیوں، اور سیکشنز کے اندران کی روزمرہ زندگی پر سخت پابندیاں عائد کی جا رہی ہیں۔ اس نے جلد کی بیماریوں، خاص طور پر خارش کے پھیلنے کی نشاندہی کی، ایسے ماحول میں جہاں قید کے حالات صفائی اور ہوا کے گزر سے محروم ہیں۔ کپڑوں اور ذاتی اشیاء کی قلت ہے، جبکہ بیمار اسیروں کو علاج اور ضروری طبی معائنے سے محروم رکھنے کی طبی غفلت کی پالیسی بدستور جاری ہے۔ رپورٹ میں اس بات کی تصدیق کی گئی کہ ان پالیسیوں کے نتیجے میں اسیروں بالخصوص دائمی امراض میں مبتلا افراد اور شدید زخمیوں کی صحت کی حالت مزید بگڑ گئی ہے، کیونکہ علاج میں تاخیر اور کافی طبی نگہداشت کا فقدان پایا جاتا ہے۔ رپورٹ میں ستمبر کے دوران قابض صہیونی عقوبت خانوں میں جبر کے اقدامات میں شدت کا مشاہدہ کیا گیا۔

محمود عباس فلسطینی پارلیمانی انتخابات کوملتوی کرنے پر غور کررہے ہیں: ذرائع

غزہ: جمعرات کے روز ذرائع نے بتایا ہے کہ فلسطینی اتھارٹی کے سربراہ محمود عباس ان پارلیمانی انتخابات کا اعلانِ ملتوی جاری کرنے کی طرف مائل ہیں، جو آئندہ اٹھائیس نومبر کو منعقد ہونا طے تھے۔

العربی ٹیلی ویژن کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے ذرائع نے واضح کیا کہ تاخیر کا اعلان اتوار کے روز طے شدہ انتخابی فہرستوں کی رجسٹریشن کا دروازہ بند ہونے سے پہلے کیا جا سکتا ہے۔انہوں نے اشارہ دیا کہ تحریکِ جہادِ اسلامی اور پاپولر فرنٹ اس رجحان کی حمایت کرتے ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ انتخابات کے انعقاد کے لیے کسی نئی تاریخ پر تاحال اتفاق نہیں ہوسکا ہے، جبکہ انتخابی عمل کے مستقبل اور اگلے مرحلے کے انتظامات کے حوالے سے فلسطینی دھڑوں اور قوتوں کے درمیان مشاورت کا سلسلہ جاری ہے۔

اس سے پہلے ایک باخبر ذریعے نے انکشاف کیا تھا کہ تحریک فتح کی مرکزی کمیٹی نے پارلیمانی انتخابات کو ملتوی کرنے کی سفارش پیش کی ہے، جبکہ تحریک کے اندر ووٹنگ کی تاریخ کو اگلے سال کے موسم گرما تک لے جانے کی تجاویز پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔گردش کرنے والے اعداد وشمار کے مطابق تاخیر کے فیصلے کوانتخابی عمل کے تکنیکی اور لاجسٹک حالات سے متعلقہ شکل میں جاری کرنے پر غور کیا جا رہا ہے، خاص طور پر غزہ کی پٹی اور مقبوضہ بیت المقدس میں انتخابات کے انعقاد سے متعلق مشکلات کی وجہ سے۔

اس ضمن میں ہفتے کے آغاز پر ایک ذمہ دار فلسطینی ذریعے نے بتایا کہ قابض اسرائیلی حکام انتخابی کمیشن کوغزہ کی پٹی اور مقبوضہ بیت المقدس میں داخلے کی اجازت دینے سے انکار کر رہے ہیں۔

تاہم مرکزی الیکشن کمیشن کے ترجمان فرید طعم اللہ نے اس بات کی تصدیق کی کہ کمیشن کے پاس غزہ کی پٹی میں درجنوں ملازمین اور تربیت یافتہ وقابل عملہ موجود ہے، جوانتخابی عمل کے مختلف مراحل کونافذ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

فرید طعم اللہ نے کہا کہ کمیشن اس حوالے سے جاری ہونے والی ان خبروں کا فالو اپ لے رہا ہے جن میں قابض حکام کی جانب سے اس کے حکام کو تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے غزہ کی پٹی میں جانے کی اجازت نہ دینے کا ذکر کیا گیا ہے، اور انہوں نے مغربی کنارے سے کمیشن کے حکام کوغزہ جانے سے روکنے کے عمل کو ایک افسوسناک امر قرار دیا۔

مرکزی انتخابی کمیشن نے گذشتہ ستائیس ستمبر کو اس بات کی تصدیق کی تھی کہ نامزدگی سے متعلق قانونی مدت میں ترمیم اٹھائیس نومبر کو مقرر کردہ ووٹنگ کی تاریخ پر اثر انداز نہیں ہوگی، وہ اس حوالے سے جاری کردہ صدارتی فرمان کے مطابق انتخابی عمل کا انتظام جاری رکھے گی۔اسی تناظر میں اسلامی تحریک مزاحمت 'حماس' نے اعلان کیا ہے کہ اس کا ایک وفد مغربی کنارے میں تحریک کے سربراہ زاہر جبارین کی قیادت میں فلسطینی قومی گفت و شنید کے اقدامات سے متعلق مشاورت کو مکمل کرنے کے لیے مصری دارالحکومت قاہرہ روانہ ہوگیا ہے۔حماس کے اعلان کے مطابق اس وفد میں سیاسی بیورو کے رکن اور قومی تعلقات کے دفتر کے سربراہ حسام بدران اور غزہ کی پٹی میں سیاسی بیورو کے رکن غازی حمد شامل ہیں، جہاں ان کی متعدد فلسطینی دھڑوں اور قوتوں سے ملاقاتیں طے ہیں۔

یہ ملاقاتیں قومی گفت و شنید کو آگے بڑھانے، فلسطینی قوتوں کے درمیان نقطہ ہائے نظر کو قریب لانے، اور موجودہ مرحلے اور فلسطین کے منصفانہ نصب العین کی پیش رفت سے جڑے ہوئے امور پر بحث کرنے پر مرکوز ہیں۔انتخابات کی تاخیر سے متعلق یہ بات چیت ایسے وقت میں سامنے آرہی ہے جب قاہرہ میں قومی گفت وشنید پر فلسطینی مشاورت کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ فلسطینی ذرائع کی جانب سے انتخابات کی تاریخ اوراس کے انتظامات پر ازسرنو غور کرنے کی ضرورت کے بارے میں متعدد دھڑوں کے درمیان ابتدائی فہم وفراہمی کی باتیں بھی کی جارہی ہیں۔

گذشتہ 3 برسوں کے دوران مغربی کنارے اور مقبوضہ بیت المقدس میں 168,4 مزاحمتی کارروائیاں

غزہ: فلسطینی انفارمیشن سینٹر 'معط ※' نے سات اکتوبر سنہ 2023ء سے لے کر سات اکتوبر سنہ 2026ء تک کے عرصے کے دوران مغربی کنارے اور مقبوضہ بیت المقدس میں 168,4 معیاری مزاحمتی کارروائیوں کی دستاویزی توثیق کی ہے، جن میں فائرنگ، مسلح جھڑپیں اور دیسی ساختہ بموں کے دھماکے کے ساتھ ساتھ چاقو سے حملے اور گاڑی چڑھانے کی کارروائیاں بھی شامل ہیں۔ سینٹر کی رپورٹ میں درج اعداد و شمار مسلح جھڑپوں اور دیسی بموں کے ذریعے قابض فوج کونشانہ بنانے کے نمایاں رجحان کوظاہر کرتے ہیں، جبکہ ان 3 برسوں کے دوران ریکارڈ کی گئی کارروائیوں میں تنوع بھی پایا جاتا ہے۔

رپورٹ کے مطابق 288,1 فائرنگ کے واقعات اور 241,1 مسلح جھڑپیں ریکارڈ کی گئیں، اس کے علاوہ قابض فوج کو دیسی ساختہ بموں سے نشانہ بنانے کے 356,1 واقعات بھی پیش آئے۔

سینٹر نے اس کے علاوہ 77 چاقو کے وار اور 57 گاڑی چڑھانے کی کارروائیوں کا بھی احاطہ کیا ہے، جن کے بارے میں اس کا کہنا ہے کہ ان میں قابض فوجیوں اور یہودی آباد کاروں کونشانہ بنایا گیا، اس کے علاوہ ایک بس دھماکے، کار بم دھماکے، ایک فدائی کارروائی اور قابض فوج کی صفوں کے پیچھے گھسنے کے واقعے کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔

یہ اعداد و شمار قابض فوج کے دھاووں کے دوران ہونے والی جھڑپوں اور الگ تھلگ نشانہ بنانے کی کارروائیوں کے درمیان ٹکراؤ کی مختلف شکلوں کوظاہر کرتے ہیں۔

مادی نقصانات کے حوالے سے 'معط ※' نے 94 فوجی گاڑیوں کو ناکارہ بنانے، تنصیبات، آلات اور فوجی گاڑیوں کونذر آتش کرنے کے 53 واقعات کا حساب لگایا ہے، اس کے علاوہ قابض فوج سے تعلق رکھنے والی 243 گاڑیوں کو نقصان پہنچایا گیا، اسی مدت کے دوران قابض ریاست کے 20 جاسوس طیارے گرائے گئے۔سینٹر نے کہا کہ ان 3 برسوں کا حاصلِ کلام مغربی کنارے اور مقبوضہ بیت المقدس میں مزاحمتی عمل کے تسلسل اوراس کی شکلوں کے تنوع کی نشاندہی کرتا ہے۔مغرب کنارے اور مقبوضہ بیت المقدس میں یہ مزاحمتی عمل قابض ریاست اور یہودی آباد کاروں کے حملوں، زمین پر قبضے کی کوششوں اور وہاں کے باشندوں کو جبراً بے دخل کرنے کے اقدامات کا مقابلہ کرنے کے تناظر میں سامنے آتا ہے۔

چنانچہ وال اینڈ سیٹلمنٹ ریزسٹنس کمیشن کے مطابق، قابض ریاست اور یہودی آباد کاروں نے اکیلے ستمبر سنہ 2026ء کے دوران 051,2 حملے کیے، جو کہ 21 نئی استعماری چوکیاں قائم کرنے، 254 فلسطینی تنصیبات کومسمار کرنے، اور 821,3 استعماری یونٹس پر مشتمل منصوبوں کو آگے بڑھانے کی کوششوں کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں۔

کمیشن نے اس بات پر زور دیا کہ یہ حملے، گھروں کی مسماری، فصلوں کی تخریب اور زمینوں تک رسائی پر پابندی مل جل کر فلسطینیوں کے اپنی زمین پر بقا کے امکانات کو کمزور کرتی ہیں؛ یہ ایک ایسا سیاق وسباق ہے جو جبری بے دخلی اور استعماری پھیلاؤ سے فلسطینی وجود کے تحفظ کی خاطر جاری کشمکش کے دائرے میں تصادم کے تسلسل کو برقرار رکھتا ہے۔

Sahafat Urdu Daily Birmingham (U.K.) Web Edition, Published by Nagma Amir from Teddington Grove, Perry Barr, Birmingham B 42IRG U.K.
Proprietor and Group Editor: Aman Abbas, Resident Editor: Amir Mehdi, (Responsible for the selection of News) Bureau Chief: Nagma Amir, E-mail: naghmaamir@rediffmail.com, Mobile:+447897386368

فرقہ واریت ہندوستانی جمہوریت کیلئے کتنی خطرناک ہے؟

محبوب الحسن محبوب مظفرنگری

ہندوستان صرف ایک ملک نہیں، بلکہ مختلف مذاہب، زبانوں، تہذیبوں، ثقافتوں اور روایات کا حسین امتزاج ہے۔ یہاں صدیوں سے مختلف مذہبی اور سماجی طبقات ایک دوسرے کے ساتھ رہتے آئے ہیں۔ یہی تنوع ہندوستان کی شناخت بھی ہے اور اس کی طاقت بھی۔ لیکن جب یہی مذہبی یا سماجی شناخت نفرت، تعصب اور باہمی دشمنی کی بنیاد بن جائے تو یہ صورتِ حال صرف معاشرے کے امن کو متاثر نہیں کرتی بلکہ جمہوری نظام کی بنیادوں کو بھی کمزور کرنے لگتی ہے۔

فرقہ واریت دراصل اس ذہنیت کا نام ہے جس میں انسان اپنے مذہب، ذات یا برادری کو دوسروں سے برتر سمجھتے ہوئے دوسرے گروہ کو شک، نفرت یا دشمنی کی نگاہ سے دیکھنے لگتا ہے۔ اختلافِ رائے اور مذہبی اختلاف فطری چیز ہے، لیکن اختلاف کو دشمنی میں تبدیل کردینا کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے خطرناک ہے۔

جمہوریت صرف ووٹ کا نام نہیں : اکثر جمہوریت کو صرف انتخابات اور ووٹ دینے تک محدود سمجھ لیا جاتا ہے، حالاں کہ جمہوریت کا حقیقی مفہوم اس سے کہیں وسیع ہے۔ جمہوریت میں ہر شہری کو برابر کا انسان اور برابر کا شہری سمجھا جاتا ہے۔ اسے اپنے مذہب پر عمل کرنے، اپنی زبان وثقافت کو محفوظ رکھنے اور قانون کے سامنے مساوی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔

ہندوستان کا آئین بھی مساوات، آزادی اور مذہبی آزادی کے اصولوں کو بنیادی اہمیت دیتا ہے۔ آرٹیکل 14 قانون کے سامنے مساوات کی ضمانت دیتا ہے، جبکہ آرٹیکل 15 مذہب، نسل، ذات، جنس اور جائے پیدائش کی بنیاد پر امتیاز کی ممانعت کرتا ہے۔

ایسے میں فرقہ واریت جمہوریت کے بنیادی تصور سے ٹکرا جاتی ہے، کیونکہ جمہوریت شہری کو پہلے انسان اور ہندوستانی شہری کی حیثیت سے دیکھتی ہے، جبکہ فرقہ واریت اسے سب سے پہلے کسی مذہب یا گروہ کے خانے میں تقسیم کردیتی ہے۔

فرقہ واریت کا پہلا نشانہ اعتماد ہوتا ہے : کسی بھی جمہوری معاشرے کی اصل طاقت عوام کا باہمی اعتماد ہے۔ جب ایک شخص اپنے پڑوسی کو صرف اس کے مذہب کی بنیاد پر شک کی نگاہ سے دیکھنے لگے، جب بازار میں کاروباری تعلقات مذہبی شناخت سے متاثر ہونے لگیں، جب بچے اسکول میں ایک دوسرے کو مذہبی خانوں میں تقسیم کرنے لگیں، تو معاشرے میں وہ خاموش دیوار کھڑی ہوجاتی ہے جو کسی قانون سے فوراً نہیں گرتی۔

فرقہ وارانہ نفرت پہلے دلوں کو تقسیم کرتی ہے، پھر محلے، شہر اور بالآخر پورے معاشرے کو متاثر کرسکتی ہے۔

سیاست میں فرقہ واریت کا اثر : جمہوری سیاست میں عوام کو اپنے مسائل، ترقی، تعلیم، روزگار، صحت، مہنگائی اور بنیادی سہولتوں کے بارے میں سوال کرنے کا حق ہے۔ لیکن اگر سیاسی گفتگو میں مذہبی شناخت ہی سب سے بڑا معیار بن جائے تو اصل عوامی مسائل پس منظر میں چلے جاتے ہیں۔

یہاں ایک بنیادی اصول سمجھنے کی ضرورت ہے: مذہب انسان کی روحانی اور اخلاقی زندگی کا اہم حصہ ہوسکتا ہے، لیکن شہری حقوق کا معیار مذہبی شناخت نہیں ہونا چاہیے۔

جمہوریت اس وقت مضبوط ہوتی ہے جب شہری اپنے نمائندوں سے کارکردگی کا حساب مانگیں؛ اور کمزور اس وقت ہوتی ہے جب شہریوں کو ایک دوسرے سے خوف زدہ کرکے اجتماعی مسائل سے توجہ ہٹ جائے۔

سوشل میڈیا نے خطرہ بڑھایا ہے : آج فرقہ وارانہ اشتعال صرف جلسوں یا تقریروں تک محدود نہیں رہا۔ ایک جھوٹی خبر، پرانی ویڈیو، غلط عنوان یا اشتعال انگیز پیغام چند لمحوں میں ہزاروں افراد تک پہنچ سکتا ہے۔

اسی لیے شہری ذمہ داری پہلے سے زیادہ اہم ہوگئی ہے۔ کسی مذہب یا طبقے کے خلاف پیغام دیکھتے ہی اسے آگے بڑھا دینا صحافت نہیں، ذمہ داری نہیں، بلکہ بعض حالات میں خطرناک عمل بن سکتا ہے۔

موجودہ فوجداری قانون میں بھی مختلف گروہوں کے درمیان مذہب، ذات، زبان، علاقہ وغیرہ کی بنیاد پر دشمنی یا نفرت پیدا کرنے والے بعض اعمال کو جرم قرار دیا گیا ہے۔

فرقہ واریت معیشت کو بھی نقصان پہنچاتی ہے : جہاں خوف اور کشیدگی ہو وہاں کاروبار، تجارت، سرمایہ کاری اور روزگار بھی متاثر ہوتے ہیں۔ کوئی بھی معاشرہ مسلسل بے اعتمادی اور کشیدگی کے ماحول میں ترقی نہیں کرسکتا۔

ہندوستان جیسے بڑے ملک میں معاشی ترقی کا انحصار اس بات پر بھی ہے کہ مختلف طبقات امن واعتماد کے ساتھ تعلیم حاصل کریں، کاروبار کریں، روزگار حاصل کریں اور ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں۔

اس لیے فرقہ وارانہ ہم آہنگی صرف اخلاقی ضرورت نہیں بلکہ معاشی ترقی کی بھی بنیادی شرط ہے۔

ہندوستانی آئین کا پیغام : ہندوستانی آئین کی تمہید میں انصاف، آزادی، مساوات اور اخوت کو قومی زندگی کے بنیادی مقاصد میں شامل کیا گیا ہے۔ اس میں فرد کی عزت اور ملک کی وحدت وسالمیت کے ساتھ اخوت کو جوڑا گیا ہے۔

یہاں ایک قابلِ توجہ بات یہ بھی ہے کہ آئین کے بنیادی فرائض میں شہریوں سے کہا گیا ہے کہ وہ مذہبی، لسانی اور علاقائی اختلافات سے بالاتر ہوکر تمام ہندوستانیوں کے درمیان ہم آہنگی اور مشترکہ اخوت کے جذبے کو فروغ دیں۔

یعنی باہمی احترام صرف اخلاقی نصیحت نہیں؛ یہ ہندوستانی شہری زندگی کے آئینی تصور کا بھی حصہ ہے۔

فرقہ واریت کا علاج کیا ہے؟

اس کا علاج کسی ایک طبقے کو موردِ الزام ٹھہرانے میں نہیں، بلکہ قانون کی بالادستی، غیر جانب دار انصاف، ذمہ دار سیاست، معیاری تعلیم، آزاد اور ذمہ دار صحافت اور شہری شعور میں ہے۔

ہر مذہب اور ہر طبقے کے ذمہ دار افراد کو اپنے لوگوں کو یہ سمجھانا ہوگا کہ کسی فرد کے جرم کی ذمہ داری پورے مذہب یا پوری برادری پر عائد نہیں کی جاسکتی۔

اسی طرح میڈیا اور سوشل میڈیا استعمال کرنے والوں کو خبر کی تصدیق کے بغیر اسے پھیلانے سے گریز کرنا ہوگا۔ حکومت اور انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ قانون سب کے لیے یکساں طور پر نافذ ہو اور کسی بھی قسم کی نفرت یا تشدد کے معاملے میں قانون کے مطابق کارروائی ہو۔

ہمیں ہندوستان کو کیا بنانا ہے؟

یہ سوال صرف حکومت سے نہیں، ہر شہری سے ہے۔

ہم ایسا ہندوستان چاہتے ہیں جہاں مندر کی گھنٹی اور مسجد کی اذان ایک دوسرے کے لیے خطرہ نہ ہوں؛ جہاں مختلف زبانیں ایک دوسرے کی دشمن نہ ہوں؛ جہاں کسی شہری کی حب الوطنی کو اس کے مذہب کے ترازو میں نہ تولا جائے؛ جہاں اختلاف ہو مگر دشمنی نہ ہو، بحث ہو مگر نفرت نہ ہو، سیاست ہو مگر معاشرتی رشتے نہ ٹوٹیں۔

ہندوستان کی خوب صورتی اس کی یک رنگی میں نہیں بلکہ اس کے رنگا رنگ وجود میں ہے۔

اختتامیہ

فرقہ واریت کا سب سے بڑا نقصان یہ نہیں کہ دو گروہوں کے درمیان وقتی کشیدگی پیدا ہوجاتی ہے؛ اس کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ لوگ ایک دوسرے پر اعتماد کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ اور جس معاشرے میں شہری اپنے ہی ہم وطنوں سے خوف محسوس کرنے لگیں، وہاں جمہوری اداروں کے لیے بھی چیلنج بڑھ جاتا ہے۔

اس لیے ہندوستانی جمہوریت کی مضبوطی صرف پارلیمنٹ، اسمبلیوں اور انتخابات سے نہیں ہوگی؛ اس کی اصل مضبوطی اس وقت ہوگی جب ہندوستان کا عام شہری یہ محسوس کرے کہ وہ اپنے مذہب کے ساتھ ساتھ اس ملک کا برابر کا شہری بھی ہے، اور اس کے پڑوس میں رہنے والا مختلف مذہب کا انسان بھی اسی وطن کا برابر کا شہری ہے۔

فرقہ واریت دیواریں بناتی ہے، جمہوریت پل بناتی ہے۔

فرقہ واریت نفرت کو جنم دیتی ہے، جمہوریت اختلاف کے باوجود ساتھ رہنا سکھاتی ہے۔

اور ہندوستان کی جمہوری روح کا تقاضا یہی ہے کہ اختلاف باقی رہے، مگر انسانیت اور اخوت بھی باقی رہیں۔ □□

> **سوشل میڈیا نے خطرہ بڑھایا ہے** : آج فرقہ وارانہ اشتعال صرف جلسوں یا تقریروں تک محدود نہیں رہا۔ ایک جھوٹی خبر، پرانی ویڈیو، غلط عنوان یا اشتعال انگیز پیغام چند لمحوں میں ہزاروں افراد تک پہنچ سکتا ہے۔ اسی لیے شہری ذمہ داری پہلے سے زیادہ اہم ہوگئی ہے۔ کسی مذہب یا طبقے کے خلاف پیغام دیکھتے ہی اسے آگے بڑھا دینا صحافت نہیں، ذمہ داری نہیں، بلکہ بعض حالات میں خطرناک عمل بن سکتا ہے۔ موجودہ فوجداری قانون میں بھی مختلف گروہوں کے درمیان مذہب، ذات، زبان، علاقہ وغیرہ کی بنیاد پر دشمنی یا نفرت پیدا کرنے والے بعض اعمال کو جرم قرار دیا گیا ہے۔

روزنامہ صحافت

تصادم سے نہیں بات چیت سے حل

ووٹر لسٹ کے اسپیشل انٹینسیو ریویژن (SIR) کے عمل میں سنگین بے ضابطگیوں کے خلاف ملک بھر میں لوگ سڑکوں پر نکل کر احتجاج کر رہے ہیں۔ پولیس ان سے بات کرنے کی بجائے انہیں روکنے کی کوشش کر رہی ہے۔ کسی بھی جمہوری نظام کا اصل امتحان اس وقت ہوتا ہے جب عوام کو حکومتی پالیسیوں پر سوال اٹھانے کا حق حاصل ہو۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ عوام کے سوالات کا جواب دے اور ان کی شکایات کا ازالہ کرے۔ تاہم صورتحال یہ ہے کہ جب کسی پولیس افسر پر احتجاج اور رکاوٹوں میں ملوث ہونے کا الزام لگایا جاتا ہے تو معاملے کی تحقیقات کرنے اور قصوروار پائے جانے والے افسر کے خلاف کارروائی کرنے کے بجائے ملزم کو ترقی دینے کی خبریں سامنے آتی ہیں۔ اس معاملے میں ایس آئی آر کا پورا عمل اور الیکشن کمیشن کے کئی فیصلے اس وقت سوالوں کی زد میں ہیں۔ معاملہ عدالت میں بھی ہے، اور ابھی تک کوئی تسلی بخش جواب نہیں ملا۔ دوسری جانب جہاں لوگ احتجاج کر رہے ہیں، ایسا لگتا ہے کہ پولیس کو مظاہرین کو دبانے کے لیے کھلی چھوٹ دی گئی ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ پولیس اپنی ڈیوٹی کے کم سے کم تقاضوں کو بھول گئی ہے۔ اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ دہلی میں جاری احتجاج کے دوران ایک پولیس افسر پر کچھ خواتین صحافیوں کے ساتھ بدسلوکی اور جنسی زیادتی کا الزام بھی لگایا گیا تھا۔ ظاہر ہے کہ اتنے سنگین الزام سے اس واقعہ کی تحقیقات اور ملزمان کے خلاف سخت کارروائی ہونی چاہئے تھی۔ تاہم خاتون صحافی کے ساتھ نامناسب رویے کے ملزم پولیس افسر کو مبینہ طور پر ترقی دے دی گئی۔ تاہم، اس خبر کے بریک ہونے اور اس فیصلے پر سوالات اٹھنے کے بعد، حکومت نے عارضی طور پر پروموشن کو روک دیا۔ تاہم اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ جب پروموشن کا اعلان کیا گیا تو خاتون صحافی کے ساتھ بدسلوکی پر عوام میں شدید غم وغصہ پایا گیا اور ملزمان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا گیا۔ سوال یہ ہے کہ کیا حکومت اس واقعہ سے بے خبر تھی؟ اگر حکومت واقعی اس واقعے سے بے خبر تھی تو کیا یہ پورے حکومت اور انٹیلی جنس نظام کی ناکامی نہیں؟ قومی راجدھانی کے طور پر، یہ توقع کی جاتی ہے کہ سیکورٹی انتظامات کی وجہ سے خواتین دہلی میں خود کو محفوظ محسوس کریں۔ تاہم، صورتحال یہ ہے کہ ایک بڑے مظاہرے کے دوران، ایک خاتون صحافی کے ساتھ بدسلوکی کا الزام کسی اور پر نہیں بلکہ ایک پولیس افسر پر لگایا جاتا ہے، جو خواتین کو کسی بھی قسم کے ناروا سلوک سے بچانے کا ذمہ دار ہے۔ جہاں تک SIR کے حوالے سے اپوزیشن جماعتوں کے احتجاج کا تعلق ہے تو یہ کہے بغیر کہ الیکشن کمیشن کا رویہ اپوزیشن کو صرف سیاسی پلیٹ فارم فراہم کر رہا ہے بلکہ وہ اس معاملے کو بہتر طریقے سے ہینڈل کر سکتا تھا۔ درحقیقت الیکشن کمیشن اس بنیادی حقیقت کو مسلسل نظرانداز کر رہا ہے کہ اس کی شبیہ تبھی بہتر ہوگی جب ملک کی ہر پارٹی کے ووٹرز اس پر اعتماد کریں گے۔ جمہوریت میں عوامی اعتماد کا اظہار سیاسی جماعتوں کے ذریعے ہوتا ہے۔ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ الیکشن کمیشن اس وقت الزامات میں گھرا ہوا ہے جیسا کہ ملک کی جمہوریت کی تاریخ میں پہلے کبھی نہیں ہوا۔ صورتحال یہ ہے کہ اپوزیشن جماعتیں چیف الیکشن کمشنر کے استعفے کے مطالبے پر بضد ہیں۔ دوسری طرف عوام میں یہ پیغام جارہا ہے کہ ان سے ووٹ کا حق زبردستی چھینا جارہا ہے۔

مراسلہ

ہندوستان میں عوام قہر قدرت کے شکار ہوکر آرہے ہیں۔ کیوں؟ ملک کے باشعور عوام کیلئے لمحہ فکر............

مکرمی! سالہا سال سے ملک کے اطراف واکناف میں عوام قدرت کے قہر کا شکار ہوکر آرہے ہیں۔ پچھلے سال 2025ء میں ملک کے اطراف واکناف میں سرکاری طور سڑک حادثات کی تعداد 5 لاکھ اور 13 ہزار رہی تھی جن میں ایک لاکھ اور 84 ہزار افراد جاں بحق ہوئے تھے یعنی یہاں اوسط ہر روز 14 سو سڑک حادثات اور ساٹھ انسانی جانیں تلف ہوئی ہیں۔ حد تو یہ ہے کہ ہوائی جہاز بھی گر کر تباہ ہوکر سوار مسافر جل کر راکھ ہوگئے تھے اس سلسلہ میں 12 جون 2025ء کا ہوائی حادثہ قابل ذکر ہے ملک بھر میں مرکزی وریاستی سرکاروں کے دفاتر میں رشوت خوری و نااہلیت معمول بن چکے ہیں۔ سرکاری عدالتوں سے عام لوگوں کو وقت پر انصاف کی فراہمی نہیں ہے۔ مہنگائی میں غیر ضروری اضافہ بے لگام جاری ہے جس کی وجہ سے عام ہندوستانی کا کمر ٹوٹ چکا ہے۔ ملک میں بے روزگاری کا مسلہ شدت سے موجود ہے باوثوق زرایعہ کے مطابق اسوقت ملک میں 10 کروڑ افراد جو 20 سال تا 40 سال عمر کے ہیں بے کار پڑے ہیں اسے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ملک کے حالات کس قدر ابتر ہیں آخر ملک میں ایسے حالات کیوں ہورہے ہیں؟

مشاہدے میں آتا ہے کہ مرکزی وریاستیں سرکاریں ملک میں اقلیتی قوموں کے ساتھ ناانصافی، تعصب ونفرت سے سرشار ہوکر حکمرانی انجام دے رہی ہیں۔ مسلمان یہاں سب سے بڑی اقلیت ہے ایک اندازے کے مطابق اس وقت ہندوستان میں مسلمانوں کی تعداد 25 کروڑ افراد پر مشتمل ہے جو کل آبادی کا اٹھارہ فیصدی شرح ہے اس بڑی اقلیتی قوم کے باشندوں کے ساتھ ناانصافیاں، ظلم وجبر روا رکھا گیا۔ ان کے شریعتی اور دینی معاملات میں بے جا مداخلت جاری ہے۔ یہاں تک کہ تین طلاق کو کالعدم اور مسلم عورت کو بغیر محرم سالانہ حج ادا کرنے کو جائز قرار دیا گیا جو کہ دین اسلام کی کھلم کھلا توہین ہے۔ ہندوستان میں مسلمان پچھلے چودہ سو سال وقت سے باشندے ہوکر آرہے ہیں 43-642ء مطابق 22 ہجری سال میں عرب دنیا کے عالم دین وصحابی جناب مالک بن دینارؓ کیرالہ ریاست میں وارد ہوئے اور یہاں تجارتی سلسلے کے تحت دین اسلام، شریعت و سنت رسول ﷺ کے تعلیمات کا تبلیغ کیا۔ مسلمانوں نے اس ملک پر سات سو سال زائد عرصہ تک کامیاب وکامرانی طور حکمرانی انجام دیا ہے تب ہی ملک ہندوستان کے حدود موجودہ افغانستان سے لیکر سری لنکا۔ برما (میانمار) بنگلہ دیش یہاں تک کہ تبت تک پھیلے تھے۔ شیر شاہ سوری نے کابل سے لیکر کلکتہ تک گرینڈ ٹرنک روڑ کی داغ بیل ڈالی ہے۔ مگر بدقسمتی سے انگریزوں نے ہندوستان پر قابض ہوکر نہ صرف سری لنکا۔ افغانستان ومیانمار کو ہندوستان سے علاحدہ کر کے رکھدیا بلکہ 14 اگست 1947ء کو ملک کا بٹوارہ دو قومی نظرئے کے تحت کروایا اور نیا ملک پاکستان وجود میں آیا۔ تب سے نیم برصغیر ہندوستان میں رہنے والے قریباً، دوسو کروڑ لوگوں کی زندگیاں بسر کرنے کیلئے ناسازگار حالات پیدا کر کے رکھدئے ہیں۔ انگریزوں کو ہندوستان سے باہر نکالنے میں مسلمانوں اور وطن پرست ہندوں نے جان ومال کی قربانیاں پیش کی تھیں۔

مرکزی وکئی ریاستوں میں موجودہ بی جے پی سرکاریں مسلمانوں کو ہراسان کرنے میں ہر قدم اُٹھاتے آرہی ہے جو کہ ملک کی سالمیت اور سازگار ماحول کے لئے اچھا نہیں ہے۔ مسلم دنیا میں ہندوستان اور یہاں کے عوام کو قدر کی نگاہوں سے دیکھتے ہیں۔ صرف پانچ عرب ممالک سعودی عرب، یو اے ای، بحرین، قطر اور کویت میں اس وقت ایک کروڑ بیس لاکھ ہندوستانی روزگار کے سلسلے میں وہاں مقیم ہیں وہ نہ صرف اپنے اپنے روزمرہ اخراجات پورے کرتے ہیں بلکہ ہر سال 120 ارب ڈالر مالیت کے رقوم زرمبادلہ کی شکل میں ملک کے مرکزی بینک میں جمع کراتے آرہے ہیں۔

ہندوستان کو اقتصادی معاشی سائنس وٹکنالوجی۔ سیاسی وسماجی اور اخلاقی طور مضبوط ومستحکم بنانے کیلئے ملک کے آئین کو مقدم ٹھرانا بہت ہی اہم ہے تب ہی ملک کے تمام علاقوں میں عوام امن وامان کے ساتھ زندگی بسر کرسکتے ہیں اور گنگا جمنی تہذیب پھر سے عیاں ہوگی۔

محمد اشرف ککرو
9858434696

پیام اعظمی: لفظ کا اضطراب، فکر کا انقلاب

سیّد کرامت حسین شعور جعفری

اردو ادب میں بعض لوگ لکھتے ہیں، بعض لوگ شعر کہتے ہیں اور بعض لوگ اپنے عہد کے سوئے ہوئے ضمیر کو آواز دیتے ہیں۔ پیام اعظمی کا تعلق اسی آخری قبیلے سے ہے۔ ان کے یہاں لفظ محض اظہار کا وسیلہ نہیں، بیداری کی قوت ہے؛ شعر محض جمالیاتی تجربہ نہیں، فکری اضطراب ہے اور نثر محض معلومات کی ترسیل نہیں، ذہن کے بند دریچوں پر دستک ہے۔ ان کی تحریر پڑھتے ہوئے قاری صرف مصنف کے خیالات سے واقف نہیں ہوتا، وہ اپنے اندر موجود اس انسان سے بھی آشنا ہوتا ہے جسے زمانے کی مصلحتوں، عادتوں اور خاموشیوں نے کہیں دبا دیا ہے۔

پیام اعظمی کی اصل شناخت اسی فکری بے قراری میں ہے۔ وہ مطمئن ذہن کے شاعر نہیں؛ سوال اٹھانے والے قلم کار ہیں۔ ان کا مزاج قبولِ عام کے سکون سے زیادہ حقیقت کے اضطراب سے وابستہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے یہاں مذہب محض رسوم کا مجموعہ نہیں، ایک زندہ فکری نظام ہے؛ کربلا صرف ماضی کا المیہ نہیں، انسانی ضمیر کا دائمی امتحان ہے؛ اور اہل بیت علیہم السلام سے محبت صرف جذباتی وابستگی نہیں، حق، عدالت، شجاعت، آزادی اور انسانی کرامت کے ایک مکمل تصور سے وابستگی ہے۔

ان کی شاعری کی تہہ میں اترنے کے لیے یہ سمجھنا ضروری ہے کہ وہ واقعہ نہیں، اس کے باطن کو موضوع بناتے ہیں۔ کربلا ان کے لئے صرف شہادتوں کا بیان نہیں بلکہ اس سوال کا نام ہے کہ انسان طاقت کے سامنے اپنی اخلاقی آزادی کہاں تک محفوظ رکھ سکتا ہے۔ اسی لئے ان کے یہاں امام حسین علیہ السلام تاریخ کے ایک مقدس کردار سے آگے بڑھ کر ایک زندہ معیار بن جاتے ہیں۔ ان کا معروف مصرع؛

"چودہ صدیاں بیت گئیں
شبیر کا چرچا باقی ہے"

بظاہر سادہ ہے مگر اپنے اندر تاریخ کا پورا فلسفہ سموئے ہوئے ہے۔ اقتدار گزر جاتا ہے، سلطنتیں مٹ جاتی ہیں، جبر کے ایوان خاک ہوجاتے ہیں مگر وہ کردار زندہ رہتا ہے جو انسانیت کے بنیادی اصولوں کے لئے قربانی دے۔ یہی پیام اعظمی کے شعری شعور کی ایک بنیادی جہت ہے۔

ان کے یہاں انقلاب شور نہیں، شعور ہے۔ انقلاب کا مطلب محض حکومت یا نظام کی تبدیلی نہیں؛ انسان کے اندر معیارِ حق کی تبدیلی، نگاہ کی اصلاح، ضمیر کی بیداری اور مصلحت کے مقابلے میں اصول کا انتخاب بھی انقلاب ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا قلم کسی ایک سیاسی نعرے کا اسیر نہیں دکھائی دیتا۔ وہ انسان کے اندر انقلاب چاہتے ہیں؛ ایسا انقلاب جس میں خوف کی جگہ حریت، جہالت کی جگہ معرفت، بے حسی کی جگہ احساس اور جمود کی جگہ حرکت پیدا ہو۔

پیام اعظمی کی انقلابی فکر کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ وہ عقیدت کو شعور سے جدا نہیں کرتے۔ اہل بیت علیہم السلام کی محبت ان کے ہاں محض آنکھوں کی نمی نہیں، کردار کی ذمہ داری ہے۔ اگر امام حسین علیہ السلام سے محبت انسان کو ظلم کے سامنے خاموش رکھے تو ایسی محبت کے معنی پر سوال اٹھنا چاہیے۔ اگر امام علی علیہ السلام کا نام زبان پر ہو مگر عدل زندگی میں نہ ہو تو نسبت کا دعویٰ اپنے اندر ایک اخلاقی خلا رکھتا ہے۔ اگر زینب سلام اللہ علیہا کا ذکر ہو مگر حق گوئی، استقامت اور عزتِ نفس زندگی سے غائب ہوں تو کربلا ابھی ہمارے اندر داخل نہیں ہوئی۔ پیام اعظمی کی فکر کا اصل ہیجان اسی مقام سے پیدا ہوتا ہے جہاں عقیدہ کردار کا مطالبہ بن جاتا ہے۔

ان کی شاعری میں فن اور فکر کا رشتہ بھی قابلِ توجہ ہے۔ وہ محض پیغام کو شعر نہیں بناتے؛ شعر کے فنی امکانات سے پیغام کی تاثیر بڑھاتے ہیں۔ ان کے کلام میں خطیبانہ آہنگ، منظر آفرینی، تاریخی شعور اور جذباتی ارتعاش ایک دوسرے میں مدغم ہوجاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا شعر صرف پڑھا نہیں جاتا، آواز میں زندہ ہوتا ہے۔ سامع تک پہنچتے ہوئے مصرع اپنے لفظی وجود سے آگے بڑھ کر ایک کیفیت بن جاتا ہے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں مذہبی شاعری مجلس کی حدود سے نکل کر ادبی تجربہ بن جاتی ہے۔



ان کے کلام کا ایک اور وصف حافظے میں اتر جانے والی شعری ساخت ہے۔ بڑا شعر ہمیشہ مشکل شعر نہیں ہوتا۔ کبھی ایک سادہ سا مصرع صدیوں کی تاریخ کو اپنے اندر جذب کر لیتا ہے۔ پیام اعظمی کے یہاں ایسے مصرعے ملتے ہیں جو کتاب سے نکل کر زبانِ خلق کا حصہ بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہی وہ منزل ہے جہاں شعر "کلام" سے "یاد" بن جاتا ہے، اور یاد سے "شعور"۔

ان کے فکری مزاج کو سمجھنے کے لئے ان کی نثر کو بھی شاعری کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔ اسلام ہی کیوں؟ جیسا عظیم نثری شاہکار اس بات کی دلیل ہے کہ ان کے لئے مذہب محض جذباتی وابستگی کا موضوع نہیں بلکہ عقلی، کلامی اور فکری سوال بھی ہے۔ ان کی شخصیت کا یہی پہلو انہیں صرف شاعر کے خانے میں بند ہونے سے بچاتا ہے۔

پیام اعظمی کے یہاں قلم ایک ذمہ داری ہے۔ والقلم جیسا مجموعہ خود اس علامت کو نمایاں کرتا ہے۔ قرآن نے قلم کی قسم کھائی؛ اس لئے قلم ان کے لئے محض ادبی صنعت نہیں رہتا، ایک اخلاقی امانت بن جاتا ہے۔ قلم کا کام صرف خوب صورت جملے پیدا کرنا نہیں؛ باطل کے پردے چاک کرنا، سوال کو زندہ رکھنا اور انسان کو اس کی اصل ذمہ داری یاد دلانا بھی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ پیام اعظمی کی تحریر میں کبھی کبھی ایک ایسا ہیجانی آہنگ پیدا ہوتا ہے جو قاری کو آرام سے پڑھنے نہیں دیتا۔ ان کے الفاظ سوال کرتے ہیں، سوال جواب کا تقاضا کرتا ہے اور جواب انسان کو خود اپنے سامنے لا کھڑا کرتا ہے۔ یہی ادب کی بلند ترین منزلوں میں سے ایک ہے: جب مصنف ختم ہوجاتا ہے اور قاری کے اندر مکالمہ شروع ہوجاتا ہے۔

ان کی شخصیت کو صرف مذہبی ادب کے ایک معروف نام کے طور پر دیکھنا بھی ان کے فکری دائرے کو محدود کرنا ہوگا۔ ان کے ہاں انسان ایک زندہ مسئلہ ہے۔ اس کی آزادی، اس کی عزت، اس کا انتخاب، اس کی اخلاقی ذمہ داری اور اس کا تاریخی شعور یہ سب ان کے فکری منظرنامے کا حصہ ہیں۔ اسی لئے ان کے ہاں مذہب اور انسانیت ایک دوسرے سے متصادم نہیں ہوتے؛ مذہب انسان کو اس کی حقیقی قدر سے آشنا کرنے کا ذریعہ بن جاتا ہے۔

پیام اعظمی کی فکر میں غیرت بھی ایک بنیادی اخلاقی قدر ہے مگر یہ غیرت جذباتی اشتعال نہیں۔ یہ اس شعور کا نام ہے جس کے بعد انسان ظلم کو معمول، ذلت کو تقدیر اور خاموشی کو حکمت سمجھنے سے انکار کردے۔ ان کے یہاں غیرت کا مطلب تلوار اٹھانا نہیں، پہلے اپنے اندر وہ اخلاقی قوت پیدا کرنا ہے جو حق کو پہچان سکے اور پھر اس کی قیمت ادا کرنے کا حوصلہ بھی رکھے۔

یہاں ان کی شاعری کربلا سے ایک گہرا رشتہ قائم کرتی ہے۔ کربلا کا سب سے بڑا سبق شاید یہی ہے کہ انسان کو ہر عہد میں یہ فیصلہ کرنا پڑتا ہے کہ وہ آسان زندگی چاہتا ہے یا درست زندگی۔ پیام اعظمی کا قلم اس انتخاب کو نرم نہیں کرتا؛ اسے محسوس کراتا ہے۔ اسی لئے ان کا کلام بعض اوقات قاری کے لئے خوش گوار نہیں بلکہ بے آرام کرنے والا تجربہ بن جاتا ہے۔ اور شاید ایک بہترین ادب کی یہی ایک پہچان ہے کہ وہ ہمیں ہمیشہ سہلاتا نہیں، کبھی کبھی ہماری سہولت چھین لیتا ہے۔ **(جاری)**

کیا امریکہ دوبارہ ایران پر جنگ بندی کی تیاری کر رہا ہے؟

مضراب دانشور

گزشتہ سے پیوستہ

اس کے دوسرے ہی روز مشہور میڈیا ہاؤس ایگزیوس اور سی این این نے اپنے ذرائع سے اس بات کا اظہار کیا کہ اندورنِ خانہ امریکہ اور ایران میں بات چیت ہورہی ہے جس کے نتیجے میں ایک دیرپا اور مستقل جنگ بندی وجود میں آجائے گی اور وہ انہی خدوخال پر بات چیت ہورہی ہے جو اسلام آباد کے ایم او یو میں بیان کئے گئے تھے۔ ان خبروں کے جواب میں صدر ٹرمپ نے الزام لگایا کہ یہ سب فیک نیوز ہے اور اپنے اعلان میں انہوں نے ان دونوں میڈیا ہاؤسز کے داخلے پر وائٹ ہاؤس میں پابندی لگادی۔ یہ دوسری بات ہے کہ امریکہ ہائی کورٹ کے ایک جج نے ان میڈیا ہاؤسز کی اپیل پر ان احکامات کو مسترد کرتے ہوئے اس پابندی کو غیر قانونی قرار دے دیا۔

وال اسٹریٹ جنرل کی ایک رپورٹ کے مطابق سینیٹ کے کچھ ڈیموکریٹک پارٹی کے سینئر ارکان نے ٹرمپ انتظامیہ کو باضابطہ چیلنج کیا ہے اور اس منصوبے کی قانونی حیثیت کو سینیٹر نے وزیر خارجہ مارکو روبیو اور وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ اور وزیر توانائی کرس رائٹ کے نام ایک مشترکہ خط لکھ کر اس بات کا اظہار کیا ہے کہ نہ صرف یہ کہ یہ منصوبہ غیر قانونی ہے بلکہ ناقابل عمل بھی ہے۔ مجوزہ منصوبے کے مطابق پنٹاگون آفس بلو انرجی پارٹنرز میں حصہ داری حاصل کرے گا اور بغیر کسی حقیقی سرمایہ کاری کے وینزویلا کے وسیع تیل کے ذخائر میں امریکی حکومت کا براہ راست حصہ ہوجائے گا۔ اس منصوبے پر اعتراض کرتے ہوئے ڈیموکریٹک سینیٹر نے اپنے خط میں پنٹاگون دفتر کو چلانے والے اس قانون کا حوالہ دیا ہے جس کے تحت ان کا یہ کہنا ہے کہ قانون اس کی اجازت نہیں دیتا نہ ہی قومی سلامتی کے قرضوں اور گارنٹیز کے ذیل میں آتا ہے اور ٹرمپ انتظامیہ ایران کے خلاف جنگ میں اپنی ناکامیوں کو چھپانے کے لیے ان سب منصوبوں اور دوسری کچھ باتوں کو بروئے کار لارہی ہے۔

اس میں تو کوئی شک نہیں ہے کہ امریکہ اور اسرائیل اپنی ناکامی کو چھپانے کے لیے اِدھر اُدھر نہ صرف یہ کے ہاتھ مار رہے ہیں بلکہ ابھی دو واقعات ایسے ظہور پذیر ہوئے ہیں کہ جن کے متعلق یہ خیال ہے کہ ایران پر الزام لگانے کے لیے نئے نئے بہانے تلاش کیے جارہے ہیں۔ ابھی حال ہی میں برطانیہ کے فیئر فیلڈ ایئربیس پر ایک بہت حیران کُن واقع پیش آیا۔ تفصیلات کے مطابق علی الاصبح فیئر فیلڈ ایئربیس جو امریکہ کے زیرِ استعمال ہے اور گذشتہ جنگ کے دوران امریکی جہاز یہاں سے اُڑھ کے حملہ کرنے کے لیے جاتے رہے ہیں وہاں پانچ لوگوں کو گرفتار کیا گیا جو وہاں غیر قانونی طور پر داخل ہوگئے تھے اور اچانک انٹیلی جنس ڈپارٹمنٹ نے وہاں برطانوی پولیس کو طلب کیا۔ ابھی تک ان پانچ لوگوں کی شناخت کو ظاہر نہیں کیا گیا لیکن تجزیہ نگاروں کا یہ خیال ہے کہ اس واقع کو کسی نہ کسی طرح ایران سے منسلک کرنے کی کوشش کی جائے گی اور ایران پر یہ الزام لگایا جائے گا کہ اس نے امریکی اہداف پر حملہ کرنے کا جوابی اعلان جو کیا تھا اس کے تحت غالباً یہ حملہ بھی ایران کی طرف سے ہونے والا تھا جس کو کہ ناکام بنادیا گیا۔

بہرحال یہ منصوبہ اگر تھا بھی تو بُری طرح ناکام ہوگیا اور ابھی دوسرا واقعہ گذشتہ دنوں دبئی سے اسرائیل جانے والے جہاز کا ہے۔ اگرچہ کسی حد تک اس کی تفصیلات سامنے [illegible]

کی فلائیٹ جو [illegible] دونوں پائیلٹس [illegible] بڑا حادثہ ہوتے [illegible] فلائیٹ کا پائیلٹ [illegible] ماچھر ہے اور اس [illegible]

ابھی تک کی اطلاعات کے مطابق عمان کا رہنے والا [illegible] تفصیلات کچھ آچکی ہیں [illegible] ایک گھنٹے کے [illegible] کرنا اپنی کابینہ کی [illegible] کرنا اور فلائیٹ [illegible] لوگوں کو حیران [illegible] فلائیٹ میں مسافروں کے ساتھ سفر کرنے والے ایک اور پائیلٹ اور ایک بلڈر کی کہانی بھی کافی حیران کُن ہے۔

ہر روز اس فلائیٹ سے متعلق خبروں میں نئے نئے سوالات سامنے آرہے ہیں۔ پہلا سوال تو یہی ہے کہ جب اس فلائیٹ کے شروع ہونے سے پہلے اس بات کی پابندی کی جارہی تھی کہ جہاز میں اسٹاف اور خاص طور سے پائیلٹ انہی ملکوں سے لیے جائیں گے جن کے تعلقات سفارتی اور تجارتی اسرائیل سے ہوں گے تو ابھی تک عمان کے سفارتی تعلقات اسرائیل کے ساتھ قائم نہیں ہوئے تو اس ملک کا کو پائیلٹ اس فلائیٹ کے عملے میں کیسے شریک ہوگیا۔ اس کے بعد ایک اہم حیران کُن بات یہ ہے کہ اتنے کم وقت میں اس فلائیٹ جبکہ ابھی اس کی عارضی اور ہنگامی لینڈنگ ہوئی تھی سعودیہ کی سرزمین پر اور اتنے کم وقت میں وزیر اعظم نیتن یاہو کو وہ ساری تفصیلات کیسے معلوم ہوگئیں جو انہوں نے اپنی کابینہ میٹنگ میں شیئر کیں۔ باخبر ذرائع اس بات کا انتہائی شک اور غیر یقینی کے ساتھ اظہار کر رہے ہیں کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی پلان موساد نے ایران کے خلاف الزام لگانے کے لیے تیار کیا تھا اور وہ منصوبہ ناکام ہوگیا۔

ایک رپورٹ کے مطابق وزیر اعظم نیتن یاہو نے یہ بھی کہا کہ ایک نائن الیون ہونے والا تھا جس پر قابو پالیا گیا اور اس فلائیٹ کے واقع پر تبصرہ کرتے ہوئے صدر ٹرمپ سے منسوب ایک خبر یہ بھی ہے کہ انہوں نے اس شک کا اظہار کیا کہ اس واقع میں ایران ملوث ہوسکتا ہے۔ حقائق جو بھی ہوں وقت کے ساتھ ساتھ ان کی تفصیلات سامنے آ ہی جائیں گی، لیکن اس حقیقت کو کیسے جھٹلایا جائے گا کہ اس پوری جنگ کے نتیجے میں ایران کی استقامت، اس کے عوام، اس کے لیڈروں کی مقابلے کی سخت جاں نفشانی کے بعد دنیا کے سامنے سر اُٹھا کے چلنے کی صفت امریکہ کی حکومت سے برداشت نہیں ہورہی ہے اور اس کے نتیجے میں بوکھلاہٹ میں کچھ بیانات ایسے آرہے ہیں کہ جن کے متعلق لوگوں کو اب یہ شبہ ہوا ہے کہ صدر ٹرمپ صدارت کے لیے فٹ نہیں ہیں اور ان کو ڈائمیشیا کے مختصر وقفے سے دورے پڑتے ہیں۔ کاش کے امریکہ ایران کو تباہ وبرباد کرنے کی دھمکیاں دینے کے بجائے عقل وہوش کے ناخن لے کر اس کے لیڈران اور تاریخ سے کوئی سبق حاصل کر لیتے۔

تہران کانفرنس میں حصہ لینے والے وہ تین بڑے بڑے لیڈر صدر امریکہ فرینکلن ڈی روزویلٹ، وزیر اعظم برطانیہ ونسٹن چرچل اور سوویت یونین (روس) کے مقتدر اعلیٰ/ وزیر اعظم جوزف اسٹالن۔ ان تینوں کی مختلف اوقات میں موت واقع ہوئی لیکن ایک چیز مشترک تھی وہ تھا ایک ہی انداز میں تینوں کی موت۔ ان تینوں لیڈران کا انتقال دماغ کی شریان پھٹنے سے ہوا۔ اگرچہ یہ تینوں مختلف اوقات میں مرے لیکن اس واقعے کو ٹرمپ کو گوش گزار کرانے والا کوئی نہیں ہے۔ کاش اس واقعے سے صدر امریکہ ٹرمپ کوئی سبق حاصل کرسکتے۔ اس وقت کے ایران کے ایک شاعر نے ان تینوں لیڈران کی شان میں ایک ہرشیہ تحریر کیا تھا اور اس میں ان تینوں لیڈران کو مسلمانوں کا دشمن قرار دیتے ہوئے فرعون، ہامان اور نمرود سے تشبیہ دی تھی کہ یہ لوگ اپنے اپنے وقت کے فرعون، ہامان اور نمرود واقع ہوئے ہیں۔ ایک ہی شعر میں اس نے ان تینوں کو سمیٹتے ہوئے کہا تھا:

گر تو خواہی نام آن شاہِ مردود
دلِ فرعون و ہامان و نمرود

□□□

سی ای او نے اہل ووٹروں کے اندراج، دعووں اور اعتراضات کے ازالے کے لیے اقدامات کا اعلان کیا

ممبئی: مہاراشٹر کے چیف الیکٹورل آفیسر (سی ای او) کے دفتر نے ووٹروں کے اندراج کے لیے متعدد اقدامات شروع کیے ہیں، تاکہ کوئی بھی اہل ووٹر فہرست سے باہر نہ رہے اور کوئی نااہل شخص ووٹر فہرست میں شامل نہ ہو سکے۔ سی ای او دفتر نے جمعرات کو بتایا کہ الیکشن کمیشن آف انڈیا کی ہدایات کے مطابق ریاست بھر میں ووٹر رجسٹریشن افسران ان اقدامات پر عمل درآمد کر رہے ہیں۔ سی ای او دفتر نے ایک بیان میں کہا کہ نوجوان ووٹروں کے اندراج میں سہولت فراہم کرنے کے لیے 5 سے 9 اکتوبر تک کالجوں اور یونیورسٹیوں میں ووٹر رجسٹریشن کیمپ منعقد کیے جا رہے ہیں۔ بوتھ لیول افسران (بی ایل او) طلبہ کو درخواست فارم پُر کرنے میں مدد فراہم کر رہے ہیں اور ووٹر فہرستوں کی خصوصی گہری نظر ثانی (ایس آئی آر) سے متعلق سوالات کا ازالہ کر رہے ہیں۔ ایسے اہل ووٹروں کی شناخت کے لیے گھر گھر جا کر ایک خصوصی مہم بھی چلائی جا رہی ہے، جن کے نام مسودہ ووٹر فہرست میں شامل نہیں ہیں۔ بی ایل او ایسے نئے ووٹروں کی اہلیت کی جانچ کرنے کے بعد ان سے فارم-6 پُر کروا رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ تصدیق کے دوران گھر پر موجود نہ رہنے والے اہل شہریوں کے لیے 10 اور 11 اکتوبر کو تمام پولنگ مراکز پر خصوصی ووٹر رجسٹریشن کیمپ لگائے جائیں گے۔ اس میں کہا گیا کہ جن ووٹروں نے اپنا معمول کا رہائشی مقام تبدیل کر لیا ہے اور بی ایل او کے دورے کے دوران جن کے نام غیر حاضر یا منتقل شدہ افراد کی فہرست میں شامل کیے گئے ہیں، وہ بھی رجسٹریشن کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ ایسے ووٹروں کی فہرست مہاراشٹر کے سی ای او کی سرکاری ویب سائٹ پر دستیاب کرائی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ووٹر فہرست میں نام شامل کرانے کے لیے درخواستیں، دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کی اس مدت کے دوران آف لائن جمع کرائی جا سکتی ہیں، جو 12 اکتوبر کو ختم ہو رہی ہے۔ درخواستیں الیکشن کمیشن کے ووٹر سروس پورٹل یا ’ای سی آئی نیٹ‘ موبائل ایپ کے ذریعے آن لائن بھی جمع کرائی جا سکتی ہیں۔

ریاست سے مانسون کی واپسی؛ محکمۂ موسمیات کا اعلان

ریاست سے موسمی بارش کی واپسی کا اوسط عرصہ 5 سے 10 اکتوبر کے درمیان ہوتا ہے، تاہم اس سال دو دن پہلے ہی پوری ریاست سے مانسون نے واپسی اختیار کر لی ہے

ممبئی: پوری ریاست سے موسمی بارش کے واپس لوٹنے کا اعلان محکمۂ موسمیات نے جمعرات کو کیا۔ محکمۂ موسمیات نے آئندہ چند دنوں میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں اضافے کی پیش گوئی کی ہے۔ گزشتہ کئی دنوں سے ریاست کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک ہے اور گرمی میں کچھ اضافہ ہوا ہے۔ اس سال ریاست میں اوسط تاریخ سے دو دن پہلے ہی مانسون کی واپسی کا سفر شروع ہو گیا تھا۔ مانسون کے پورے موسم پر ’ال نینو‘ کے اثر، بارش کی کمی اور اگست کے بعد بارش نہ ہونے کے باعث پیدا ہونے والی قلت کی وجہ سے اس سال شہریوں کو شدید خشک سالی کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ریاست میں ہفتے سے مانسون کی واپسی کا سفر شروع ہو گیا تھا۔ مانسون کی واپسی کی حد بدھ تک برہماپوری، پربھنی، بارامتی اور ہارنے تک مستحکم تھی، جس کے باعث مانسون کی واپسی کا عمل کچھ سست رہا۔ اس کے بعد جمعرات کو باقی ریاست سے بھی موسمی ہواؤں نے واپسی اختیار کر لی۔ ستمبر کے مہینے میں بھی ریاست میں اطمینان بخش بارش ریکارڈ نہ ہونے کے باعث 52 فیصد بارش کی کمی رہی، جبکہ مانسون کے پورے موسم میں اس سال بارش کی مجموعی کمی 19 فیصد رہی ہے۔ دریں اثنا، خشک سالی جیسی صورتحال کا سب سے زیادہ اثر ودربھ اور مراٹھواڑہ کے بیشتر اضلاع پر پڑتا دکھائی دے رہا ہے۔ فی الحال ریاست کے بعض علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں 3 سے 4 ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوا ہے اور اکتوبر کے پہلے ہی ہفتے میں شہریوں کو شدید دھوپ اور گرمی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ کوکن خطے میں بھی گرمی کی شدت برقرار ہے اور یہاں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں اضافہ ہوا ہے۔

صرف جولائی میں 40 فیصد زائد بارش ریکارڈ

اس سال جنوبی کوکن میں 6 جون کو مانسون کی آمد ہوئی تھی۔ اسی طرح 8 جون تک بارش ہارنے اور سولاپور تک پہنچ گئی تھی، تاہم اس کے بعد مانسون کی مزید پیش قدمی سست پڑ گئی تھی۔ ممبئی سمیت پالگھر میں مانسون کی آمد 23 جون کو ہوئی تھی۔ اس کے بعد صرف 24 گھنٹوں میں 24 جون کو بارش نے پوری ریاست کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا۔ اس کے باعث جون کے مہینے میں بارش کی کمی رہی تھی۔ دریں اثنا، مانسون کے پورے موسم میں صرف جولائی کے مہینے میں اوسط سے 40 فیصد زیادہ بارش ریکارڈ ہونے سے ریاست کے شہریوں کو راحت ملی تھی۔ محکمۂ موسمیات نے اگست اور ستمبر کے مہینوں میں بارش کی مقدار کم رہنے کی پیش گوئی کی تھی۔ اس کے مطابق ریاست میں بارش کی مقدار کم ہی رہی۔ ریاست سے مانسون کی واپسی کا اوسط عرصہ 5 سے 10 اکتوبر کے درمیان ہوتا ہے، تاہم اس سال دو دن پہلے ہی پوری ریاست سے موسمی بارش نے واپسی اختیار کر لی ہے۔

ممبئی ہائی کورٹ نے واجے کے مہنگی کاروں کے استعمال پر حیرت کا اظہار کیا

ممبئی: ممبئی ہائی کورٹ نے جمعرات کو سابق اسسٹنٹ پولیس انسپکٹر سچن واجے کی جانب سے وزیر اعلیٰ کی رہائش گاہ اور شہر کے پولیس کمشنریٹ جانے کے لیے مہنگی کاروں کے استعمال پر سوال اٹھایا۔ واجے 2021 کے ’اینٹیلیا‘ بم معاملے اور تاجر من سکھ ہیرن کے قتل کے معاملے میں ملزم ہیں۔ جسٹس گریش کلکرنی اور جسٹس نیلا گوکھلے کی بنچ نے کہا کہ جب بھی پولیس کی وردی پہننے والے کسی شخص پر جرم کا الزام عائد کیا جاتا ہے تو اس کی دیانت داری، اس کے طرزِ عمل اور دیگر کئی پہلوؤں کو بھی مدنظر رکھا جانا چاہیے۔ عدالت قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) کی جانب سے دائر اس اپیل پر سماعت کر رہی ہے، جس میں خصوصی عدالت کے 29 ستمبر کے اس حکم کو چیلنج کیا گیا ہے، جس کے تحت واجے کو ضمانت دی گئی تھی۔ ہائی کورٹ نے گزشتہ ہفتے ضمانت کے حکم پر عبوری روک لگا دی تھی، جس کی وجہ سے واجے اب بھی تھانے سینٹرل جیل میں بند ہیں۔ این آئی اے کی جانب سے جمعرات کو پیش ہوئے ایڈیشنل سالیسٹر جنرل انیل سنگھ گواہوں کے بیانات پڑھ رہے تھے، جن میں بتایا گیا تھا کہ واجے مرسڈیز اور بی ایم ڈبلیو جیسی مہنگی کاریں چلاتے تھے۔ اس کے بعد عدالت نے سوال کیا کہ اسسٹنٹ پولیس انسپکٹر کے عہدے پر رہتے ہوئے واجے اتنی مہنگی کاریں کیسے چلا پاتے تھے۔ بنچ نے کہا، ”اسسٹنٹ پولیس انسپکٹر کے عہدے پر رہتے ہوئے یہ شخص مرسڈیز سے اپنے دفتر جاتا تھا، جو پولیس کمشنر کے دفتر والی ہی عمارت میں واقع تھا۔ وہ (واجے) مرسڈیز سے ورشا بنگلہ (وزیر اعلیٰ کی رہائش گاہ) بھی گئے تھے۔“ عدالت نے واجے کے تین ماہ سے زائد عرصے تک اوبیرائے ہوٹل میں قیام پر بھی سوال اٹھایا۔ جسٹس کلکرنی نے پوچھا، ”وہ اوبیرائے ہوٹل میں 100 دن تک کیسے قیام کر سکتے ہیں یا ان کے لیے کمرہ کیسے بک کرایا گیا؟ کیا یہ سب اسسٹنٹ پولیس انسپکٹر کی تنخواہ سے ممکن ہے؟ اسسٹنٹ پولیس انسپکٹر کے عہدے پر تعینات ایک افسر کو ماہانہ کتنی تنخواہ ملتی ہے؟“ سنگھ نے کہا کہ اسسٹنٹ پولیس انسپکٹر کی تنخواہ 90 ہزار روپے سے زیادہ نہیں ہوگی۔ عدالت اس معاملے کی اگلی سماعت 14 اکتوبر کو کرے گی۔ جنوبی ممبئی میں ’اینٹیلیا‘ کے قریب 25 فروری 2021 کو دھماکہ خیز مواد سے بھری ایک ایس یو وی گاڑی ملی تھی۔ یہ گاڑی مبینہ طور پر چوری ہونے سے پہلے ہیرن کے پاس تھی۔ وہ 5 مارچ 2021 کو پڑوسی شہر تھانے کی ایک کھاڑی میں مردہ پائے گئے تھے۔ این آئی اے نے واجے کو 13 مارچ 2021 کو دونوں معاملات میں گرفتار کیا تھا۔ اس کے بعد انہیں مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) اور انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) کی جانب سے کی جانے والی بدعنوانی کے معاملے کی تحقیقات میں بھی ملزم بنایا گیا تھا۔ واجے کو بدعنوانی کے معاملے میں پہلے ہی ضمانت مل چکی ہے۔

سیف پر حملے کا معاملہ:

ملزم بنگلہ دیشی شہری نے ایک بار پھر اپنے جرم کا اقرار کرنے کی خواہش ظاہر کی

ممبئی: معروف اداکار سیف علی خان کی ممبئی واقع رہائش گاہ پر گزشتہ سال جنوری میں چاقو سے حملہ کرنے کے معاملے میں گرفتار بنگلہ دیشی شہری نے جمعرات کو ایک بار پھر عدالت میں درخواست دائر کرتے ہوئے اپنے خلاف عائد تمام الزامات میں قصوروار ہونے کا اقرار کرنے کی خواہش ظاہر کی۔ تقریباً ایک ماہ قبل عدالت نے اس کی سابقہ درخواست مسترد کر دی تھی۔ ممبئی کی ایک عدالت نے 11 ستمبر کو اس کی درخواست مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ اسے اس معاملے میں مقدمے کا سامنا کرنا ہوگا۔ ملزم محمد شریف الاسلام کو 16 جنوری 2025 کو اداکار کے گھر میں پیش آئے واقعے کے دو دن بعد گرفتار کیا گیا تھا۔ وہ فی الحال عدالتی تحویل میں ہے۔ اسلام نے جمعرات کو ایک بار پھر عدالت سے کہا کہ وہ اپنے خلاف عائد تمام الزامات میں قصوروار ہونے کا اقرار کرنا چاہتا ہے۔ معاملے کی سماعت کر رہے ایڈیشنل سیشن جج جی۔ پی۔ دیشمکھ نے اس کے بعد جیل حکام کو ہدایت دی کہ وہ بنگلہ دیشی سفارت خانے سے باضابطہ طور پر رابطہ کریں اور ملزم کی سفارت خانے کے حکام سے ملاقات کا انتظام کریں۔ ملزم پر بھارتیہ نیائے سنہتا (بی این ایس) کی متعلقہ دفعات کے تحت مہلک ہتھیار کے استعمال کے ساتھ لوٹ، شدید چوٹ پہنچانے اور گھر میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ اس کے خلاف غیر ملکی قانون اور پاسپورٹ (بھارت میں داخلہ) ضوابط کی متعلقہ دفعات بھی لگائی گئی ہیں۔ چاقو سے حملے کے بعد 54 سالہ اداکار کی لیلاوتی اسپتال میں ہنگامی سرجری کی گئی تھی اور پانچ دن بعد انہیں اسپتال سے چھٹی دے دی گئی تھی۔

ملیریا، ڈینگی وغیرہ بیماریوں کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں: میونسپل کمشنر اشونی بھیڑے

جی ساؤتھ ڈویژن کے زچہ خانہ اور اسپتالوں کا میونسپل کمشنر نے کیا معائنہ

ممبئی: ملیریا، ڈینگی وغیرہ بیماریوں کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ ساتھ ہی زیادہ سے زیادہ شہریوں کو آبھا کارڈ اور آیوشمان بھارت کارڈ کا فائدہ مل سکے، اس کے لیے کوششیں کی جائیں۔ یہ ہدایات میونسپل کمشنر اشونی بھیڑے نے دیں۔ برہن ممبئی میونسپل کارپوریشن کے ’جی ساؤتھ‘ ڈویژن کے محکمۂ صحت عامہ کے تحت آنے والے حاجی محمد صابو صدیقی میونسپل زچہ خانہ اور پربھادیوی واقع میونسپل اسپتال کا اشونی بھیڑے نے کل (8 اکتوبر 2026) خود دورہ کر کے معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی میونسپل کمشنر (کمشنر دفتر) پرشانت گائیکواڑ، ڈپٹی میونسپل کمشنر (صحت عامہ) شردا گھڑے، ڈپٹی میونسپل کمشنر (پری منڈل-2) پرشانت سپکالے، اسسٹنٹ میونسپل کمشنر (جی ساؤتھ ڈویژن) سوپنجا شیر ساگر، ایگزیکٹو ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سنتوش گائیکواڑ اور متعلقہ افسران موجود تھے۔ قابل ذکر ہے کہ پربھادیوی واقع حاجی محمد صابو صدیقی میونسپل زچہ خانہ کے دورے کے دوران میونسپل کمشنر اشونی بھیڑے نے زچہ خانہ کے احاطے کا معائنہ کیا۔ انہوں نے وہاں موجود طبی افسران اور دیگر متعلقہ ملازمین سے زچہ خانہ کے کام کاج کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ ایچ ایم آئی ایس نظام کے تحت بیرونی مریضوں اور داخل مریضوں کے شعبے میں درج اندراجات کی موقع پر تصدیق کی۔ اس کے علاوہ زچہ خانہ کی عمارت میں ضروری چھوٹی موٹی مرمت کے کاموں اور درکار آلات کے سلسلے میں مناسب کارروائی کرنے کی ہدایات بھی متعلقہ افسران کو دیں۔ اس کے بعد پربھادیوی واقع میونسپل اسپتال کا دورہ کرتے ہوئے اشونی بھیڑے نے اسپتال اور پولی کلینک میں دستیاب طبی سہولیات، روزانہ آنے والے مریضوں کی تعداد، مریضوں کی اقسام، دستیاب ادویات کے ذخیرے اور خون کی جانچ کی سہولت وغیرہ کا جائزہ لیا۔ اس دوران انہوں نے علاقے میں ملیریا اور ڈینگی کے مریضوں کی تعداد کے بارے میں معلومات حاصل کرتے ہوئے ان بیماریوں کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کرنے کی ہدایات دیں۔

اردو ٹائمز کی مالکن محترمہ قمرالنساء سعید احمد کی یاد میں تعزیتی نشست

اردو صحافت کے لیے محترمہ قمرالنساء سعید احمد کی رحلت ایک بڑا نقصان ہے: شرکاء

ممبئی: ممبئی شہر کے معتبر روزنامہ اردو ٹائمز کی مالکن محترمہ قمرالنساء سعید احمد کی یاد میں ممبئی پریس کلب میں اردو پترکار سنگھ اور اردو جرنلسٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے ایک تعزیتی نشست کا اہتمام کیا گیا۔ نشست میں تمام شرکاء نے محترمہ قمرالنساء سعید احمد کو دل سے خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے پرنم آنکھوں سے انہیں یاد کیا اور ان کی مغفرت کے ساتھ اہلِ خانہ اور تمام متعلقین کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی۔ اس موقع پر اردو جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے صدر اور روزنامہ ممبئی اردو نیوز کے نمائندہ خصوصی احمد اظہار، روزنامہ ہندوستان کے مالک و مدیر اور اردو جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری سرفراز آرزو، اردو ٹائمز کے سینئر صحافی فاروق انصاری، روزنامہ ممبئی اردو نیوز کے سینئر صحافی شکیل رشید، سینئر صحافی جاوید جمال الدین، ممبئی امن کمیٹی کے صدر فرید شیخ، معروف سماجی کارکن سعید خان، فرید خان، ہندا ٹائمز کے مدیر مستقیم مکی، ٹائمز آف انڈیا کے سینئر صحافی وجیہ الدین، معروف سماجی کارکن سلیم الوارے، عامر ادریسی، بی جے پی لیڈر وسیم خان، سینئر صحافی اعظم شہاب، علامہ بنئی نعیم حسنی، اقبال نیازی، غزالہ آزاد، ان دنوں اخبار کے مدیر عالم رضوی، فضلے حسین ایڈیٹر صحافت سمیت شہر کی دیگر معتبر شخصیات نے محترمہ قمرالنساء سعید احمد کی رحلت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ شرکاء نے محترمہ قمرالنساء سعید احمد کی رحلت کو اردو صحافت کے لیے ایک بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے ان کی صحافتی اور سماجی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر روزنامہ اردو ٹائمز کے مالک سہیل احمد اور روزنامہ ممبئی اردو نیوز کے مالک خالد احمد نے بھی اشکبار آنکھوں سے انہیں خراجِ تحسین پیش کیا۔ اپنی والدہ کو یاد کرتے ہوئے سہیل احمد اس موقع پر بے حد غمگین نظر آئے۔ شرکاء نے محترمہ قمرالنساء سعید احمد کی اس جدوجہد اور کامیابی کو بھی سراہا کہ انہوں نے ایک عام گھریلو خاتون سے ممبئی شہر کے ایک معتبر اخبار کی باگ ڈور سنبھالنے تک کا سفر انتہائی کامیابی کے ساتھ طے کیا۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ وہ ایک نہایت نیک، ملنسار اور مخلص خاتون تھیں، جن کے دل میں قوم و ملت کے لیے بے پناہ درد تھا۔ اس کے ساتھ ہی وہ اردو زبان کی ترقی و ترویج کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتی تھیں۔ تعزیتی نشست کے اختتام پر تمام شرکاء نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے صدقے میں محترمہ قمرالنساء سعید احمد کی مغفرت فرمائے، ان کی تمام نیک خدمات کو شرفِ قبولیت بخشے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ سے اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ اہلِ خانہ اور تمام متعلقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق اور صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

گیانیش کمار کے خلاف ملاڈ میں کانگریس کا زبردست احتجاج

اسلم شیخ کی قیادت میں مظاہرہ، گیانیش کمار کے استعفے کا مطالبہ، ”ووٹ چور گدی چھوڑ“ کے نعرے

ممبئی: انتخابی عمل میں شفافیت اور عوام کے ووٹ کے تحفظ کے مطالبے کو لے کر کانگریس کی جانب سے آج ملاڈ ویسٹ ریلوے اسٹیشن کے باہر زبردست احتجاج کیا گیا۔ احتجاج کی قیادت سابق وزیر و رکن اسمبلی اسلم شیخ نے کی، جس میں بڑی تعداد میں کانگریس کے عہدیداران اور کارکنان شریک ہوئے۔ مظاہرین نے چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے استعفے کا مطالبہ کرتے ہوئے شدید نعرے بازی کی۔ احتجاج کے دوران کارکنان نے ”ووٹ چور گدی چھوڑ“، ”گیانیش کمار استعفیٰ دو، استعفیٰ دو“ کے نعرے لگائے۔ بی جے پی کو نشانہ بناتے ہوئے ”چندا چور کہاں ملیں گے؟ بی جے پی کے دفتر میں“ اور ”آبروریزی کرنے والے کہاں ملیں گے؟ بی جے پی کے دفتر میں“ جیسے نعرے بھی لگائے گئے۔ احتجاج سے خطاب کرتے ہوئے اسلم شیخ نے کہا کہ آج ملک کا عام ووٹر اپنے ووٹ کی حفاظت کے لیے سڑک پر آنے پر مجبور ہے۔ ووٹ صرف ایک نشان نہیں بلکہ ہر ہندوستانی شہری کی طاقت ہے اور اسی کے ذریعے عوام اپنے نمائندوں کا انتخاب کرتے ہیں۔ اگر ووٹ کی شفافیت پر سوال اٹھنے لگیں تو یہ جمہوری نظام کے لیے انتہائی سنگین صورتحال ہے۔ اسلم شیخ نے کہا کہ مہاراشٹر سے لے کر مغربی بنگال تک ووٹر لسٹ اور انتخابی عمل کو لے کر سنگین سوالات اٹھ رہے ہیں۔ اپوزیشن کا الزام ہے کہ انتخابی فہرستوں میں بڑے پیمانے پر نام حذف کیے گئے اور ایسی بے ضابطگیوں کے خدشات سامنے آئے جن سے ووٹ کے حق پر سوال کھڑا ہوا ہے۔ ان کے مطابق، جب ملک کے مختلف حصوں سے اس نوعیت کے سوالات سامنے آ رہے ہوں تو الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو واضح اور تسلی بخش جواب دے۔ انہوں نے بی جے پی پر سخت حملہ کرتے ہوئے کہا کہ ووٹوں کی مبینہ چوری کے الزامات پر عوام جواب مانگ رہے ہیں، لیکن جواب دینے کے بجائے بی جے پی کے لیڈر الیکشن کمشنر کے دفاع میں کھڑے نظر آ رہے ہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ اگر انتخابی عمل مکمل طور پر شفاف ہے تو عوام کے سوالوں کا جواب دینے میں کیا دقت ہے۔ ”کسی شخص کے دفاع سے عوام کے سوال ختم نہیں ہوں گے، جواب دینا ہوگا،“ اسلم شیخ نے کہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ لڑائی کسی ایک سیاسی جماعت کی نہیں بلکہ ہندوستان کے ہر ووٹر کے حق کی لڑائی ہے۔ غریب ہو یا امیر، مزدور ہو یا تاجر، ہر شہری کے ووٹ کی یکساں اہمیت ہے۔ اگر کسی کے ووٹ کے حق کو کمزور کرنے کی کوشش کی گئی تو کانگریس اس کے خلاف اپنی آواز بلند کرتی رہے گی۔ اسلم شیخ نے کہا کہ الیکشن کمیشن ایک آئینی ادارہ ہے اور اس ادارے پر عوام کا اعتماد برقرار رہنا ضروری ہے۔ ووٹر لسٹ اور انتخابی عمل سے متعلق شکایات کا شفاف طریقے سے ازالہ ہونا چاہیے اور جن معاملات پر سوالات اٹھ رہے ہیں ان کی غیر جانب دارانہ تحقیقات کی جانی چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ گیانیش کمار کے استعفے تک کانگریس کا احتجاج جاری رہے گا۔ احتجاج کے دوران کارکنان ہاتھوں میں کانگریس کے پرچم اور پلے کارڈز لیے ہوئے تھے۔ مختلف نعروں سے ملاڈ ویسٹ ریلوے اسٹیشن کے باہر کا علاقہ گونجتا رہا۔ مظاہرین نے انتخابی عمل میں مکمل شفافیت، ووٹر کے حق کے تحفظ اور چیف الیکشن کمشنر کے استعفے کا مطالبہ کیا۔ اسلم شیخ نے کہا کہ جمہوریت میں عوام کا ووٹ سب سے بڑی طاقت ہے اور اس طاقت کے تحفظ کے لیے کانگریس سڑک سے لے کر ہر جمہوری فورم تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

معروف بالی ووڈ اداکار نانا پاٹیکر کا گوا میں انتقال، 75 سال کی عمر میں لی آخری سانس

نانا پاٹیکر کی پیدائش یکم جنوری 1951 کو ہوئی تھی۔ ان کا اصل نام وشوناتھ پاٹیکر تھا اور وہ ایک مراٹھی خاندان سے تعلق رکھتے تھے

ممبئی: بالی ووڈ کے معروف اداکار نانا پاٹیکر کا انتقال ہو گیا ہے۔ 75 سال کی عمر میں انہوں نے آخری سانس لی۔ رپورٹس کے مطابق انہیں گوا کے ڈونا پاؤلا میں واقع ان کی رہائش گاہ پر بے ہوشی کی حالت میں پایا گیا، جس کے بعد انہیں فوری طور پر اسپتال لے جایا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے انہیں صبح 5:20 بجے مردہ قرار دے دیا۔ ابتدائی جانچ میں بتایا گیا کہ انہیں شدید قلبی دورہ پڑا تھا۔ اسپتال لائے جانے کے بعد ڈاکٹروں نے تقریباً 45 منٹ تک انہیں ہوش میں لانے کی کوشش کی، لیکن کوئی رسپانس نہیں ملا۔ خبر رساں ایجنسی ’آئی اے این ایس‘ کے مطابق منی پال اسپتال کے شعبہ آنکولوجی کے سربراہ ڈاکٹر شیکھر سالکر نے بتایا کہ ”مسلسل 45 منٹ تک سی پی آر دینے کے باوجود انہیں بچایا نہیں جا سکا۔ میڈیکولیگل کیس (ایم ایل سی) درج کیا گیا ہے اور پوسٹ مارٹم کیا جائے گا۔“ نانا پاٹیکر کی پیدائش یکم جنوری 1951 کو ہوئی تھی۔ ان کا اصل نام وشوناتھ پاٹیکر تھا اور وہ ایک مراٹھی خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کے والد گجانن (دنکر) پاٹیکر ٹیکسٹائل پینٹر اور بزنس مین تھے، جن کا انتقال اس وقت ہوا تھا جب نانا پاٹیکر 28 سال کے تھے۔ ان کی والدہ نرملہ پاٹیکر (سنجنا بائی پاٹیکر) گھریلو خاتون تھیں، جو 29 جنوری 2019 کو 99 سال کی عمر میں انتقال تک معروف اداکار کے ساتھ رہیں۔ ان کی اہلیہ نیل کانتی پاٹیکر سابق بینک افسر، اداکارہ اور تھیٹر پروفیشنل ہیں۔ دونوں نے 1978 میں شادی کی تھی اور بعد میں الگ ہو گئے، تاہم باضابطہ طور پر طلاق نہیں ہوئی۔ ان کا ایک بیٹا ملہار پاٹیکر ہے، جو فلم ساز ہیں اور نانا صاحب پروڈکشن ہاؤس چلاتے ہیں۔ جبکہ دوسرے بیٹے دُرواسہ پاٹیکر کا 2 سال کی عمر میں بیماری کے باعث انتقال ہو گیا تھا۔ نانا پاٹیکر نے اپنی اسکولی تعلیم ممبئی کے دادر ویسٹ میں واقع سمرتھ ودیالیہ میں 3 سال تک حاصل کی اور بعد میں ممبئی کے سر جے جے انسٹی ٹیوٹ آف اپلائیڈ آرٹ سے کمرشل آرٹ میں ڈپلومہ کیا۔ کل وقتی اداکاری میں آنے سے قبل انہوں نے کمرشل آرٹسٹ کے طور پر کام کیا اور روزی روٹی کے لیے فلموں کے پوسٹر اور زیبرا کراسنگ پینٹ کرنے کا کام کیا۔ واضح رہے کہ نانا پاٹیکر نے 1978 میں فلم ’گمن‘ سے اپنے اداکاری کے کیریئر کا آغاز کیا اور ہندی و مراٹھی سینما کے اہم اداکاروں میں اپنی شناخت بنائی۔ انہیں ’انکش‘، ’پرتی گھات‘، ’سلام بامبے!‘ اور ’پرندہ‘ جیسی فلموں سے بڑی کامیابی ملی۔ انہوں نے ’پرہار دی فائنل اٹیک‘، ’انگار‘، ’ترنگا‘، ’کرانتی ویر‘، ’اگنی ساکشی‘، ’خاموشی دی میوزیکل‘، ’اب تک چھپن‘، ’اپہرن‘ اور ’راج نیتی‘ جیسی فلموں میں شاندار اداکاری کی۔ ’ویلکم‘ اور ’ویلکم بیک‘ میں ادے شیٹی کا کردار ادا کر کے وہ ناظرین کے درمیان بہت مقبول ہوئے۔ اپنے کیریئر کے دوران انہوں نے 3 نیشنل فلم ایوارڈ جیتے اور 2013 میں انہیں پدم شری سے نوازا گیا۔ قابل ذکر ہے کہ نانا پاٹیکر آخری بار وشال بھاردواج کی رومانٹک ایکشن تھرلر فلم ’او رومیو‘ میں نظر آئے تھے، جس میں شاہد کپور اور ترپتی ڈمری بھی تھے۔ فروری 2026 میں ریلیز ہونے والی اس فلم میں پاٹیکر نے ممبئی انٹیلی جنس بیورو کے سربراہ اسماعیل خان کا کردار ادا کیا تھا۔ انہوں نے انل کپور کی فلم ’صوبیدار‘ میں بھی کام کیا، جو مارچ 2026 میں پرائم ویڈیو پر ریلیز ہوئی تھی۔ اس سے پہلے وہ ’ہاؤس فل 5‘ (2025) اور ’ونواس‘ (2024) میں نظر آئے تھے۔ نانا پاٹیکر نے 2026 میں پرکاش جھا کی سیاسی ڈراما سیریز ’سنکلپ‘ سے او ٹی ٹی پر بھی ڈیبیو کیا، جس میں انہوں نے مات صاحب/کنہیالال کا مرکزی کردار ادا کیا تھا۔

نانا پاٹیکر کا انتقال ہندوستانی فنونِ لطیفہ اور سماجی زندگی کے لیے بڑا نقصان: سنیترا اجیت پوار

ممبئی: نائب وزیر اعلیٰ سنیترا اجیت پوار نے کہا ہے کہ ہندوستانی سنیما اور تھیٹر میں اپنے منفرد اور پُراثر فنِ اداکاری کی ناقابلِ فراموش چھاپ چھوڑنے والے معروف اداکار نانا پاٹیکر کے انتقال کی خبر انتہائی افسوسناک ہے۔ ان کے انتقال سے مراٹھی اور بھارتی فنونِ لطیفہ کی دنیا نے ایک ہمہ جہت اور حساس فنکار کھو دیا ہے۔ سنیترا پوار نے کہا کہ نانا پاٹیکر صرف ایک بہترین اداکار ہی نہیں تھے بلکہ ان کی شخصیت میں اداکاری کی فطری صلاحیت اور گہری سماجی حساسیت کا منفرد امتزاج موجود تھا۔ تھیٹر سے لے کر بڑے پردے تک انہوں نے اپنی فطری اور مؤثر اداکاری کے ذریعے متعدد کرداروں کو یادگار بنا دیا۔ نٹ سمراٹ، کرانتی ویر اور پرندہ جیسی فلموں میں ان کی اداکاری نے ہندوستانی سنیما پر ایسی انمٹ چھاپ چھوڑی جو ناظرین کی یادوں میں ہمیشہ زندہ رہے گی۔ انہوں نے پوار خاندان کے ساتھ نانا پاٹیکر کے قریبی تعلقات کو یاد کرتے ہوئے سنیترا پوار نے کہا کہ نانا پاٹیکر اور آنجہانی اجیت پوار کے درمیان انتہائی قریبی، محبت بھرے اور دوستانہ تعلقات تھے۔ خاندان کی خوشی اور غم کے ہر موقع پر وہ ہمیشہ خاندان کے ساتھ کھڑے رہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے انتقال سے میں نے اور ہمارے پورے خاندان نے ایک انتہائی قریبی شخص کو کھو دیا ہے۔ یہ ذاتی نقصان میرے لیے اور ہمارے پورے خاندان کے لیے انتہائی تکلیف دہ ہے۔ سنیترا پوار نے کہا کہ اداکاری کے میدان میں کامیابی کی بلندیوں تک پہنچنے کے باوجود نانا پاٹیکر نے اپنی سماجی ذمہ داریوں کو کبھی نظرانداز نہیں کیا۔ نام فاؤنڈیشن کے ذریعے محروم طبقات، خشک سالی سے متاثرہ افراد اور کسانوں کے لیے ان کی خدمات ہمیشہ قابلِ تحریک رہیں گی۔

'افتتاحِ دارالقضاء ضلع سدھارتھ نگر و تفہیمِ شریعت' عنوان سے بیداری پروگرام

بستی (محمد اسلم شاداں بستوی) جامع مسجد کرما بازار، تحصیل بانسی، ضلع سدھارتھ نگر میں "افتتاحِ دارالقضاء ضلع سدھارتھ نگر و تفہیمِ شریعت" کے عنوان سے ایک اہم اور بیداری پر مبنی پروگرام منعقد ہوا، جس میں علاقے کے تقریباً 15 گاؤں سے لوگوں نے شرکت کی۔ پروگرام کے مہمانِ خصوصی حضرت مولانا مفتی محمد ساجد صاحب قاسمی دامت برکاتہم العالیہ، مہتمم مدرسہ فیضِ ہدایت، رامپور، یوپی، نے اپنے پرمغز اور فکر انگیز خطاب میں تفہیمِ شریعت، احکامِ شریعت اور دارالقضاء کی ضرورت و اہمیت پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے عوام کو بتایا کہ خاندانی، ازدواجی اور دیگر شرعی معاملات میں شریعت کی رہنمائی حاصل کرنا کس قدر اہم ہے اور دارالقضاء ایسے معاملات کے حل کے لیے ایک مؤثر اور مفید شرعی ادارہ ثابت ہو سکتا ہے۔ حضرت مفتی صاحب نے موجودہ عدالتی نظام کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کی مختلف عدالتوں، بالخصوص ڈسٹرکٹ کورٹ، ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں مقدمات کا بہت بڑا بوجھ موجود ہے۔ ایسے حالات میں باہمی تنازعات اور خاندانی معاملات کو شرعی اصولوں کے مطابق باوقار، کم خرچ اور نسبتاً کم وقت میں حل کرنے کے لیے دارالقضاء کا نظام ایک اہم معاون ذریعہ بن سکتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ دارالقضاء کا مقصد عدالتی نظام کا متبادل بننا نہیں، بلکہ شرعی نوعیت کے معاملات میں لوگوں کی دینی رہنمائی اور باہمی تنازعات کے حل میں معاونت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کی نگرانی و رہنمائی میں ضلع سدھارتھ نگر میں دارالقضاء کا قیام ایک اہم دینی و سماجی ضرورت کی تکمیل کی جانب قدم ہے، جس کے ذریعے عوام اپنے شرعی معاملات کے سلسلے میں اہلِ علم اور شرعی ماہرین سے رہنمائی حاصل کر سکیں گے۔ پروگرام کے دوران 22 اکتوبر کو رائل گرین لان، بانسی میں منعقد ہونے والے افتتاحی پروگرام کے حوالے سے بھی تفصیلی رہنمائی دی گئی۔ شرکاء کو بتایا گیا کہ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے اہم قائدین و ذمہ داران ضلع سدھارتھ نگر تشریف لا رہے ہیں، اس لیے یہ عوام کے لیے ایک اہم موقع ہے کہ وہ خود پروگرام میں شریک ہو کر قائدین کی گفتگو براہِ راست سنیں اور دارالقضاء و تفہیمِ شریعت کے سلسلے میں مکمل رہنمائی حاصل کریں۔ اس موقع پر شرکاء میں بھرپور جوش و جذبہ دیکھنے میں آیا اور مجلس کے شرکاء نے ہاتھ اٹھا کر عہد کیا کہ وہ اپنے اپنے گاؤں سے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو 22 اکتوبر کے پروگرام میں شریک کرنے کی حتی المقدور کوشش کریں گے۔ الحمدللہ، پروگرام نہایت خوشگوار، پُرسکون اور سنجیدہ ماحول میں اختتام پذیر ہوا۔ پروگرام کی صدارت حافظ عبدالرؤف نے کی، جبکہ زیرِ نگرانی مولانا محمد ارشاد رہی اور زیرِ سرپرستی مولانا ابوطلحہ قاسمی، ڈائریکٹر الفلاح ٹرسٹ نے کی۔ آخر میں حضرت مولانا مفتی محمد ساجد قاسمی دامت برکاتہم العالیہ کی دعا کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

'ووٹ بچاؤ، دیش بچاؤ' کے نعرے کے ساتھ متھرا میں کانگریس کا پیدل مارچ

متھرا: ورنداوان کی جانب سے "ووٹ بچاؤ، دیش بچاؤ" کے نعرے کے ساتھ ایک عظیم الشان پیدل مارچ نکالا جائے گا۔ یہ پیدل مارچ کانگریس آفس، ہولی گیٹ سے شروع ہو کر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ آفس پہنچے گا، جہاں کارکنوں کی جانب سے زبردست مظاہرہ کیا جائے گا اور عزت مآب صدرِ ہند کے نام ایک یادداشت (میمورنڈم) پیش کی جائے گی۔

